https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ بلوچستان آبزرور کوئٹہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | ہفتہ یکم اگست 2026ء | 17 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 116

گڈ گورننس کے بغیر معاملات حل نہیں ہو سکتے، جمہوریت پاک فوج

سیکیورٹی فورسز نے رواں سال اب تک دہشتگردی کے خلاف 40348 آپریشن کیے، 2084 مصدقہ دہشت گرد مارے گئے، دہشتگردوں کو سمجھ آ گیا ہے کہ ان سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، دہشتگردوں کو ہتھیار ڈالنے ہوں گے یا ہم انہیں ختم کر دیں گے،

پاکستان اور یو اے ای برادر ملک ہیں، دونوں کے بڑے گہرے تعلقات ہیں، پروپیگنڈا کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، شہیدوں کے بارے میں مولانا نے جو بات کی وہ ناقابل فہم ہے، میڈیا کو بریفنگ

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے واضح کیا ہے کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے جو بیان دیا وہ ان کی ذاتی رائے ہے، اس پر بات نہیں کروں گا، پاکستان کی سیکیورٹی کیلئے گڈ گورننس بہت ضروری ہے، گڈ گورننس کے بغیر معاملات حل نہیں ہو سکتے، گڈ گورننس کیلئے کچھ کرنا پڑے گا، سیکیورٹی اور سیفٹی کا دارومدار گڈ گورننس پر ہے، ریاست ہوگی تو سیاست، شناخت اور تمام ادارے قائم رہیں گے، ریاست کے ساتھ وفاداری ہر شہری کا بنیادی فرض ہے، حقوق کی بات کرنے والوں کو اپنے فرائض سے بھی آگاہ ہونا چاہیے، آئین کے آرٹیکل 5 کے مطابق وفاداری صرف ریاست سے ہوگی، ہارڈ اسٹیٹ وہ ہوتی ہے جہاں تمام معاملات آئین اور قانون کے مطابق چلائے جائیں (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، 18 لاکھ بچوں کو دوبارہ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کا فیصلہ

منصوبے پر 5 سال کے دوران عملدرآمد کیا جائے گا، جبکہ رواں سال کیلئے 8 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے صوبے میں وسیع پیمانے پر غیر رسمی تعلیم کے نفاذ کا فیصلہ کر لیا۔ غیر رسمی تعلیم کے نفاذ کا فیصلہ چیف سیکریٹری کی زیر صدارت اجلاس (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت کا مجوزہ قومی کنیکٹیویٹی پلان کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ

حکومت ملک بھر میں سستی اور تیز رفتار انٹرنیٹ سروس کی فراہمی کیلئے تمام ضروری اقدامات کرے گی، وفاقی وزیر احد چیمہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک کے چھوٹے دیہات، دور دراز علاقوں اور پسماندہ خطوں تک تیز رفتار اور سستی انٹرنیٹ سہولت کی فراہمی کو قومی ترجیح قرار دیتے ہوئے مجوزہ قومی کنیکٹیویٹی پلان کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا ہے، منصوبے کا (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

چین اور امریکہ کا تجارتی مشاورتی میکانزم کو مؤثر انداز میں جاری رکھنے کا اعلان

بیجنگ (این این آئی) چین، امریکہ اقتصادی و تجارتی مذاکرات کے چینی سربراہ اور نائب وزیر اعظم حہ لی فینگ نے (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

ایران کا امریکی فضائی نگرانی میں چلنے والے دو آئل ٹینکرز کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

تہران (این این آئی) ایران کی اسلامی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں ایندھن کی آمدورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے، وزیر اعظم کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کو ایندھن کی بلاتعطل فراہمی اور منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں ایندھن کی آمدورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے، جدید ٹیکنالوجی و سافٹ ویئر کے استعمال کے اطلاق سے بندرگاہوں و ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی جائے، اوگرا کے (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

عوام کو ایندھن کی بلاتعطل فراہمی اور منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

جدید ٹیکنالوجی و سافٹ ویئر کے استعمال کے اطلاق سے بندرگاہوں و ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی جائے

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر بولور ما امگابازر وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان اور سعودی عرب کا تعلق خاص، ہم محافظ حرمین شریفین ہیں، ترجمان پاک فوج

پاکستان اور یو اے ای برادر ملک ہیں، دونوں کے بڑے گہرے تعلقات ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کا تعلق خاص ہے، سعودی عرب سے ہماری اسٹریٹجک تعلق ہے، سعودی عرب سے ہماری جذباتی وابستگی ہے۔ جمعہ کو پریس بریفنگ کے دوران ایک سوال کے جواب میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کا تعلق خاص ہے، (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا سورینج میں افسوسناک حادثے کا سخت نوٹس، رپورٹ طلب

متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سورینج میں کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے محکمہ مائنز اینڈ منرلز سے فوری رپورٹ طلب کر لی ہے وزیر اعلیٰ نے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق کان کنوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل دے۔ میر (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ریاست کے عزم کو متزلزل نہیں، سرفراز بگٹی

حکومت بلوچستان اس دکھ کی گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی میں ایف سی بلوچستان کے جوانوں پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں ریاست کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے حملے میں ایف سی بلوچستان کے دو بہادر جوانوں کی شہادت (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

پاکستان پیپلز پارٹی بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، علی مدد جتک

صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام کے مسائل سن کر انکے فوری حل کو یقینی بنانا ہے پاکستان پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی ہے عوام کی بلا رنگ و نسل (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

ایک منظم سازش کے تحت جہاں ایک طرف ریاست کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کیلئے دہشتگردی کے واقعات رونما ہوتے ہیں وہاں اس کا الزام بھی ریاست پر عائد کر کے انتشار پھیلانے کا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے،

دہشت گرد عناصر بلوچستان کو ترقی، تعلیم اور خوشحالی کے سفر سے روکنا چاہتے ہیں لیکن حکومت، سیکیورٹی فورسز اور عوام کے اتحاد سے ان کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے، کوئٹہ میں اینٹی ٹیررسٹ فورس (ATF) ٹریننگ اسکول میں 20 ویں ٹریننگ کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست کے استحکام کیلئے بہادر سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا ایک منظم سازش کے تحت جہاں ایک طرف ریاست کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کیلئے دہشتگردی کے واقعات رونما ہوتے ہیں وہاں اس کا الزام بھی ریاست پر عائد کر کے انتشار پھیلانے کا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے، نوجوانوں کو ایک لاحاصل جنگ کی جانب دھکیلا جا رہا ہے، بلوچستان اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائیگی، ملک کو تقسیم کرنے کی خواہش رکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، دہشتگردی کے خلاف ریاست ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گی۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کو سیاست سے نہ جوڑیں کیونکہ اس وقت ریاست کو سیاست کی نہیں بلکہ ریاست کے استحکام، قومی اتحاد اور عوام کی یکجہتی کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ میں (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ میں 20 ویں پاسنگ آؤٹ پریڈ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سورینج کوئلہ کان میں دھماکے کے نتیجے میں 34 کانکنوں جاں بحق، 2 کی تلاش جاری

کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث دھماکہ ہوگیا جس کے نتیجے میں کان کا ایک حصہ بیٹھ گیا

جاں بحق ہونے والے بیشتر افراد کا تعلق سوات کے علاقے شانگلہ سے ہے جن کی لاشیں ضروری کاروائی کے بعد آبائی علاقوں کی جانب روانہ کردی گئی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کائلہ کان میں دھماکے کے نتیجے میں 34 کانکنوں جاں بحق، دو کی تلاش میں ریسکیو آپریشن جاری۔ پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث دھماکہ ہوگیا جس کے نتیجے میں کان کا ایک حصہ بیٹھ گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو آپریشن شروع کر دیا گیا جس کے دوران (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وادی کشمیر کو جنت بینظیر بنانا چاہتا ہوں، بلاول بھٹو

کشمیری 2 اگست کو تیر پر مہر لگائیں اور وادی کشمیر کو جنت بینظیر بنائیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وادی کشمیر کو جنت بینظیر بنانا چاہتا ہوں۔ سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر جاری بیان میں بلاول بھٹو نے (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

حماس نے غیر مسلح ہونے کو اسرائیلی وعدوں کی تکمیل سے مشروط کر دیا

غزہ (این این آئی) حماس نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ میں حماس کو غیر مسلح کرنے کے دعوے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آیا (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

ایران نے مصر کی بندرگاہ پر 2 جہازوں کو ڈرونز سے نشانہ بنانے کو اسرائیل کا فالس فلیگ آپریشن قرار دیدیا

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ نے مصر کی بندرگاہ پر 2 جہازوں کو ڈرونز سے نشانہ بنائے جانے کو اسرائیل کا فالس فلیگ آپریشن قرار دے دیا ہے۔ ایرانی وزیر (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

غزہ میں قیام امن کیلئے تشکیل کردہ بورڈ آف پیس نے جنگ بندی پر عملدرآمد کا روڈ میپ جاری کر دیا

غزہ (این این آئی) غزہ میں قیام امن کیلئے تشکیل کردہ بورڈ آف پیس نے جنگ بندی پر عمل درآمد کیلئے روڈ میپ جاری کر دیا، 14 روز میں روڈ میپ پر عمل درآمد کیلئے ٹائم فریم ورک تیار کیا جائے گا، روڈ میپ کی تکمیل مرحلہ وار ہوگی، فریم ورک کی تیاری کے بعد قومی کمیشن (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائیگی، سرفراز بگٹی

ایک منظم سازش کے تحت جہاں ایک طرف ریاست کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کیلئے دہشتگردی کے واقعات رونما ہوتے ہیں وہاں اس کا الزام بھی ریاست پر عائد کر کے انتشار پھیلانے کا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے،

دہشت گرد عناصر بلوچستان کو ترقی، تعلیم اور خوشحالی کے سفر سے روکنا چاہتے ہیں لیکن حکومت، سیکیورٹی فورسز اور عوام کے اتحاد سے ان کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے، کوئٹہ میں اینٹی ٹیررسٹ فورس (ATF) ٹریننگ اسکول میں 20 ویں ٹریننگ کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست کے استحکام کیلئے بہادر سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا ایک منظم سازش کے تحت جہاں ایک طرف ریاست کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کیلئے دہشتگردی کے واقعات رونما ہوتے ہیں وہاں اس کا الزام بھی ریاست پر عائد کر کے انتشار پھیلانے کا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے، نوجوانوں کو ایک لاحاصل جنگ کی جانب دھکیلا جا رہا ہے، بلوچستان اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائیگی، ملک کو تقسیم کرنے کی خواہش رکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، دہشتگردی کے خلاف ریاست ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گی۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کو سیاست سے نہ جوڑیں کیونکہ اس وقت ریاست کو سیاست کی نہیں بلکہ ریاست کے استحکام، قومی اتحاد اور عوام کی یکجہتی کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ میں (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ میں 20 ویں پاسنگ آؤٹ پریڈ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جاں بحق کان کنوں کے لواحقین کیلئے وزیر اعلیٰ نے فی کس 15 لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا ہے، شاہد رند

حکومت بلوچستان اس افسوسناک سانحے پر غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کی جائے گی

جاں بحق کان کنوں کی لاشیں آبائی علاقوں تک پہنچانے کیلئے ضروری انتظامات کئے گئے ہیں، معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ سورینج میں کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہونے والے کان کنوں کے لواحقین کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فی کس پانچ لاکھ روپے مالی امداد کا اعلان کیا ہے شاہد رند نے کہا کہ جاں بحق کان کنوں کی لاشیں ان کے آبائی علاقوں تک باعزت طریقے سے پہنچانے کیلئے تمام ضروری انتظامات عمل کر لیے (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

بلاول کشمیر کے انتخابی نتائج دیکھ کر چیخیں مار رہے ہیں، وہ یہ نتائج قبول کریں، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہاد یوف ملاقات کر رہے ہیں

اوگرا، ایل پی جی کی قیمت میں 13 روپے فی کلو اضافہ

گھریلو سلنڈر 3001 روپے میں دستیاب ہوگا کمرشل سلنڈر کی قیمت 11546 روپے تک پہنچ جائے گی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) مہنگائی کے ستائے عوام پر حکومت نے ایل پی جی کی قیمت میں اضافے کا بم گرا دیا، آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی نے ایل پی جی کی قیمت میں (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ سے کے پی اور بلوچستان کے تاجروں کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے تاجروں اور صنعتکاروں نے (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت کا سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس آزاد کشمیر انتخابات کے بعد بلانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس اگست میں بلانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ پارلیمانی ذرائع (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں۔

محکمہ تعلیم میں شفافیت اور اساتذہ کی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، طارق مگسی

حکومت بلوچستان کی جانب سے ضلع جھل مگسی کیلئے ایک سرکاری سکول بس فراہم کر دی گئی ہے

حکومت بلوچستان تعلیمی شعبے کی مضبوطی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے، سینئر صوبائی وزیر

گنداواہ (این این آئی) مگسی ہاؤس کوئٹہ میں سینئر صوبائی وزیر بلوچستان نوابزادہ میر طارق خان مگسی کی زیر صدارت ضلع جھل مگسی کے تعلیمی شعبے سے متعلق ایک اہم مشاورتی نشست منعقد ہوئی، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی محترمہ قرۃ العین مگسی نے ضلع بھر کے تعلیمی منظر نامے، محکمانہ کارکردگی، انتظامی چیلنجز، تعلیمی منصوبوں اور نظامِ تعلیم کی مؤثر اصلاح کیلئے اختیار کیے گئے اقدامات پر مفصل بریفنگ دی۔ ملاقات میں میر مہر اللہ خان مگسی، پرسنل سیکرٹری ممتاز علی مگسی، عبدالرحیم مگسی اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر سینئر صوبائی وزیر (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

سورینج واقعے کی مکمل تحقیقات کر کے ذمہ داران کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، صادق عمرانی

مائنز اونرز اور دیگر متعلقہ افراد اگر اس طرح کے خطرناک حادثات کو روکنے کیلئے حفاظتی تدابیر اور وضع کردہ قوانین پر عملدرآمد کریں تو ممکنہ حد تک ان حادثات سے بچا جا سکتا ہے

صوبائی وزیر آبپاشی کا سورینج میں کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے میں مزدور کانکنوں کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

عمرانی نے سورینج میں کوئلہ کان کیا فسوسناک حادثے میں مزدور کانکنوں کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ غریب کانکن ملک کے دور دراز علاقوں سے یہاں آ کر اپنے خاندانوں کی کفالت کیلئے کانکنی کے (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

جاں بحق کان کنوں کے لواحقین کیلئے وزیر اعلیٰ نے فی کس 15 لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا ہے، شاہد رند

حکومت بلوچستان اس افسوسناک سانحے پر غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کی جائے گی

جاں بحق کان کنوں کی لاشیں آبائی علاقوں تک پہنچانے کیلئے ضروری انتظامات کئے گئے ہیں، معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ سورینج میں کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے میں جاں بحق ہونے والے کان کنوں کے لواحقین کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فی کس پانچ لاکھ روپے مالی امداد کا اعلان کیا ہے شاہد رند نے کہا کہ جاں بحق کان کنوں کی لاشیں ان کے آبائی علاقوں تک باعزت طریقے سے پہنچانے کیلئے تمام ضروری انتظامات عمل کر لیے (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

پولیس شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، محمد طاہر

دہشت گردی کی روک تھام کے دوران بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ بلوچستان پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دیگر قانون نافذ کرنے (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

ٹریڈ ایسوسی ایشنز کے انتخابات کو شفاف، منصفانہ اور قابلِ اعتماد انداز میں منعقد کیا جائے، جام کمال

وزارت تجارت، ڈی جی ٹی او کو اس کے آپریشنز کو جدید اور ڈیجیٹل بنانے کے لئے مکمل ادارہ جاتی معاونت فراہم کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے ڈائریکٹر جنرل (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ملکی تعمیر و ترقی کی بنیاد ہے، بلال اکبر کاکڑ

حکومت اور BBoIT سرمایہ کاروں کے ساتھ ہر مرحلے پر مکمل تعاون اور سہولت فراہم کریں گے

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پرعزم ہیں، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

اسلام آباد (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال اکبر کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ملکی تعمیر و ترقی کی بنیاد ہے، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے پرعزم ہیں، سرمایہ کاروں کو تحفظ اور بہتر ماحول فراہم کیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان اکنامک سمٹ 2026 کے دوسرے روز فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

کشمیری عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے، سیدال ناصر

وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف بلوچستان کی ترقی میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان میں آباد کشمیری عوام کی صوبے کی ترقی اور خوشحالی کیلئے خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں کشمیری عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے جس کی تعمیر و ترقی کیلئے ہمیں ملکر کام کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو یہاں کوئٹہ میں ملاقات کرنے والے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے وفود میں بلوچستان میں رہائش (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی الوداعی ملاقات

دونوں ممالک مضبوط اقتصادی روابط استوار کرنے، آئندہ نسلوں کیلئے فائدہ مند مواقع پیدا کرنے کے مشترکہ وژن کے تحت کام کر رہے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ڈائریکٹر جنرل (DGTO) بلال خان پاشا ملاقات کر رہے ہیں

ملک دشمن عناصر کیلئے پاکستان، بالخصوص بلوچستان، میں کوئی جگہ نہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

ریاست، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ان کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنائیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع خضدار میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خلاف کامیاب مائنز اینڈ منرلز جنس ہیڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی نے ایک بڑے دہشتگرد منصوبے کو ناکام بنا کر بے شمار قیمتی انسانی جانیں محفوظ بنائیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

عدالت عالیہ بلوچستان کے معزز جج صاحبان کی کمیٹی کا اجلاس

جناب عبدالحکیم کاکڑ (مرحوم) ایک نہایت دیانت دار، فرض شناس، باکردار اور محبِ وطن عدالتی افسر تھے

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے معزز جج صاحبان کی کمیٹی کا ایک اجلاس معزز چیف جسٹس، جناب جسٹس محمد کامران خان ملاخیل کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں معزز چیف جسٹس اور معزز جج صاحبان کی جانب سے نہایت گہرے رنج والم کے ساتھ اس (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

بورڈ آف پیس نے غزہ میں فلسطین کی عبوری تنظیم حماس کے غیر مسلح ہونے کا معاہدہ کرلیا، ٹرمپ کا اعلان

استحکام فورس نئی فلسطینی پولیس کیساتھ مل کر غزہ میں امن و امان کی ذمہ داری سنبھالے گی

7 اکتوبر کو غزہ سے پیدا ہونیوالے خطرے کو دوبارہ جنم لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی، امریکی صدر کا بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ بورڈ آف پیس نے غزہ میں فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس کے غیر مسلح ہونے کا معاہدہ کرلیا، جیسے ہی غزہ کو غیر مسلح کرنے کا عمل مکمل ہوگا، اسرائیلی افواج واپس چلی جائیں گی، معاہدہ غزہ میں نئی فلسطینی حکومت کے قیام کی جانب اہم قدم ہے، معاہدہ مرحلہ وار اور منظم طریقے سے نافذ کیا جائے گا۔ صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

ایران کی فوجی صلاحیت تیزی سے ختم ہو رہی ہے، ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف سخت موقف اختیار کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ جاری کارروائیوں میں ایران کی بحریہ، فضائیہ اور بری فوج کو شدید نقصان پہنچایا گیا ہے

رانا تنویر حسین کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

پاکستان اور ایف اے او کا پائیدار زراعت اور دیہی ترقی کے لئے مشترکہ اقدامات پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ایف اے او نے پائیدار زراعت اور دیہی ترقی کے لئے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا ہے ۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں خوراک و زراعت کی تنظیم (ایف اے او) کے ایشیا و بحرالکاہل کے لئے ڈپٹی ریجنل نمائندہ رابرٹ سمپسن نے شرکت کی۔ وزارتِ قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی جانب سے جمعہ کو یہاں جاری اعلامیہ کے مطابق (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

کانکنوں کی جانوں کے تحفظ کیلئے حفاظتی ضوابط پر سختی سے عملدرآمد اور مؤثر نگرانی ناگزیر ہے

کان کنی کے شعبے میں کارکنوں کی جانوں کے تحفظ کیلئے حفاظتی ضوابط پر سختی سے عملدرآمد اور مؤثر نگرانی ناگزیر ہے

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا کوئٹہ میں کوئلے کی کان کے المناک حادثے کے نتیجے میں متعدد کان کنوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلے کی کان میں دھماکے کے باعث متعدد کان کنوں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے حادثے میں جان کی بازی ہارنے والے محنت کشوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ اندوہناک سانحہ (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پاکستان کا امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور

پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور دیتے ہوئے مغربی ایشیا کی صورتحال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند روز کی پرامن صورتحال کے بعد ایک بار پھر صورتحال پھر دگرگوں ہے، پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر اعتماد ہے، پاکستان کا نیوکلیئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے، پاکستانی سوشل میڈیا اکائنٹس پر پابندی لگانا بھارتی حکومت کی عدم برداشت کا مظہر ہے، سعودی عرب کو اپنے دفاع کا مکمل حق ہے، عراقی حکومت کے موقف سے آگاہ نہیں ہیں، افغانستان میں موجود دہشت یونیفارم نہیں پہنتے، پاکستانی حملوں میں سویلین ہلاکتوں کے الزامات مسترد کرتے ہیں، پاکستان دہشتگردوں، ان ٹھکانوں اور ماسٹر مائنڈز کو نشانہ بناتا ہے اور بناتا رہے گا، ثالثی اور دفاعی معاہدہ متضاد نہیں، دفاعی معاہدے بطور ثالث ہمارے کردار سے متصادم نہیں۔ فریقین کو اسلام آباد ایم او یو کی جانب دوبارہ لانے کی کوشش کر رہے ہیں، خطے بالخصوص آبنائے ہرمز کی صورتحال معمول پر لانے کے لئے فریقین کے درمیان رابطے جاری ہیں۔ وزیراعظم کی سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سلمان سے بات چیت ہوئی، وزیراعظم اور سعودی ولی عہد کے رابطے کے بعد نائب وزیراعظم اور سعودی وزیر خارجہ کے درمیان بھی بات چیت ہوئی۔ ترجمان کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور اردنی ہم منصب کی درمیان فلسطین کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر بات چیت ہوئی، خطے اور دوطرفہ تعلقات کے تناظر میں کویتی وزیر خارجہ کا دورہ اسلام آباد اہم تھا۔ نائب وزیراعظم نے کویت کی جانب سے دفاعی تعلقات کو ادارہ جاتی سطح پر منظم کرنے کیلئے دفاعی معاہدے کی توثیق کو سراہا، پاکستان اور کویت نے کئی شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، 8 عرب اسلامی ممالک نے فلسطین کی تشویشناک صورتحال پر مشترکہ بیان جاری کیا۔ نائب وزیراعظم کی مصری وزیر خارجہ کے ساتھ بھی مسئلہ فلسطین پر گفتگو ہوئی، پاک مصر وزرائے خارجہ نے فلسطین کی صورتحال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے انسانی امداد کی بحالی کا مطالبہ کیا۔ پاکستان اور مصر کے درمیان دوطرفہ مشاورت کا دور ورچوئلی منعقد کیا گیا، 24 جولائی کو وزارت خارجہ نے کامسٹیک کے تعاون سے جریدے کا اجرا کیا، 2026 کے جریدے میں سیکریٹری خارجہ سمیت وزارت خارجہ کے عہدیداروں کے آرٹیکلز شامل ہیں۔ پاکستان نے جرمن نشریاتی ادارے کی دستاویزی فلم مسترد کر دی، دستاویزی فلم میں جان بوجھ کر پاکستانی نیوکلیئر پروگرام کے بارے غلط فہمی پھیلانے کی کوشش کی گئی، ڈی ڈبلیو کو بنیادی صحافتی اقدار پر عمل کرنا چاہیے۔ پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر اعتماد ہے، پاکستان کا نیوکلیئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے

حقیقی جہاد: تعلیم، اصلاح اور سماجی ترقی

خالد بیگ

اسلام ایک ایسا دین ہے جو انسان کی انفرادی، اجتماعی، اخلاقی اور فکری تربیت پر زور دیتا ہے۔ قرآنِ مجید اور سنتِ رسول کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کا مقصد انسان کو علم، عدل، رحم، حکمت اور خیر کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ موجودہ دور میں مسلم معاشروں کو جن بڑے مسائل کا سامنا ہے، ان میں جہالت، غربت، بے روزگاری، بدعنوانی، معاشرتی ناانصافی، اخلاقی زوال اور تعلیمی پسماندگی نمایاں ہیں۔ ایسے حالات میں ضروری ہے کہ "جہاد" کے حقیقی اسلامی تصور کو اس کے اصل تناظر میں سمجھا جائے۔ آج کا سب سے بڑا جہاد معاشرے کو علم، اصلاح، انصاف، تحقیق، ہنرمندی اور سماجی ترقی کی طرف لے جانا ہے۔ قرآن کریم کی پہلی وحی اس حقیقت کو واضح کرتی ہے کہ اسلام کی ابتدا ہی علم سے ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے پڑھنے کا حکم دیا، نہ کہ جنگ کرنے کا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مضبوط اور مہذب معاشرہ علم کی بنیاد پر ہی قائم ہوتا ہے۔ قرآن مجید بار بار غور وفکر، تدبر، عقل اور تحقیق کی دعوت دیتا ہے۔ یہی وہ بنیاد ہے جس پر اسلامی تہذیب نے سائنس، طب، ریاضی، فلکیات، فلسفہ اور دیگر علوم میں عظیم خدمات انجام دیں۔ رسول اکرمؐ نے فرمایا: "تم میں سے بہترین وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور دوسروں کو سکھائیں۔" (صحیح بخاری: 5027) اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ حقیقی فضیلت علم کے حصول اور اس کے فروغ میں ہے۔ ایک معلم معاشرے کی تقدیر بدل سکتا ہے، جبکہ جہالت نسلوں کو تباہ کر دیتی ہے۔ اسلام نے استاد، عالم، محقق اور مصلح کو عزت دی کیونکہ یہی افراد معاشرے کو روشنی فراہم کرتے ہیں۔

آج مسلم دنیا کو جن خطرات کا سامنا ہے، ان میں سب سے بڑا خطرہ تعلیمی پسماندگی ہے۔ جب نوجوان معیاری تعلیم، تحقیق اور ہنر سے محروم رہ جاتے ہیں تو غربت، بے روزگاری اور مایوسی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں بعض انتہاپسند عناصر نوجوانوں کو غلط نظریات کی طرف مائل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس کا موثر جواب صرف بہتر تعلیم، مثبت سوچ، دینی و عصری علوم کا امتزاج، مضبوط ادارے اور سماجی انصاف ہیں۔ پاکستان اسلام کے نام پر قائم ہونے والی ایک آزاد ریاست ہے جس کا آئین اسلامی اصولوں، جمہوری اقدار اور قانون کی حکمرانی پر زور دیتا ہے۔ پاکستان کی ترقی کا انحصار اس بات پر ہے کہ اس کے نوجوان تعلیم، تحقیق، سائنس، ٹیکنالوجی، طب، زراعت، صنعت، انجینئرنگ، مصنوعی ذہانت، کاروبار اور سماجی خدمت میں نمایاں کردار ادا کریں۔ یہی وہ میدان ہیں جہاں حقیقی ترقی حاصل کی جاسکتی ہے۔ اسلام میں جہاد کا ایک اہم مفہوم نفس کی اصلاح بھی ہے۔ انسان جب اپنی خواہشات پر قابو پاتا ہے، سچ بولتا ہے، امانت داری اختیار کرتا ہے، انصاف کرتا ہے اور دوسروں کے حقوق ادا کرتا ہے تو وہ اپنے کردار کے ذریعے معاشرے میں خیر پھیلاتا ہے۔ ایک دیانت دار استاد، ایماندار ڈاکٹر، فرض شناس سپاہی، باکردار جج، محنتی کسان، قابل انجینئر اور ذمہ دار سرکاری ملازم اپنے اپنے میدان میں قوم کی خدمت کر کے ملک کو مضبوط بناتے ہیں۔ اسلام نے عدل کو ریاست کی بنیاد قرار دیا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے: "بے شک اللہ انصاف، احسان اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے۔" (النحل 90:16) جب معاشرے میں انصاف قائم ہوتا ہے تو عوام کا اعتماد بڑھتا ہے، سرمایہ کاری میں اضافہ ہوتا ہے، تعلیم فروغ پاتی ہے اور ترقی کی راہیں کھلتی ہیں۔ اس لیے انصاف کا قیام بھی آج کے دور کا ایک اہم قومی فریضہ ہے۔ سماجی ترقی بھی حقیقی جہاد کا حصہ ہے۔ یتیموں، بیواں، معذور افراد، غریب خاندانوں اور ضرورت مند شہریوں کی مدد کرنا اسلامی تعلیمات کا بنیادی حصہ ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ بہترین انسان وہ ہے جو دوسروں کے لیے سب سے زیادہ فائدہ مند ہو۔ یہی سوچ ایک فلاحی معاشرے کی بنیاد رکھتی ہے، جہاں ہر شخص دوسرے کی مدد کو اپنا فرض سمجھتا ہے۔ تعلیم صرف ڈگری حاصل کرنے کا نام نہیں بلکہ کردار سازی، اخلاق، برداشت، تحقیق اور تخلیقی صلاحیتوں کی تربیت بھی ہے۔ اگر نوجوان سچائی، دیانت داری، قانون کی پابندی، محنت اور خدمتِ خلق کو اپنی زندگی کا مقصد بنالیں تو پاکستان ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل ہوسکتا ہے۔ جدید دنیا میں وہی قومیں آگے بڑھتی ہیں جو تحقیق، اختراع اور علم میں سرمایہ کاری کرتی ہیں۔ پاکستان کے تعلیمی اداروں، جامعات، مدارس اور تحقیقی مراکز کو ایسا ماحول فراہم کرنا چاہیے جہاں تنقیدی سوچ، سائنسی تحقیق، قومی یکجہتی، برداشت اور مثبت مکالمے کو فروغ ملے۔ دینی اور عصری تعلیم میں توازن پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تا کہ نوجوان دین اور دنیا دونوں میں کامیاب ہوسکیں۔ ملک کی تعمیر میں خواتین کا کردار بھی نہایت اہم ہے۔ اسلام نے خواتین کو علم حاصل کرنے، معاشرے کی خدمت کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی ترغیب دی ہے۔ جب خواتین تعلیم یافتہ ہوں گی تو خاندان مضبوط ہوں گے، بچوں کی بہتر تربیت ہوگی اور معاشرہ زیادہ ترقی کرے گا۔ اس لیے خواتین کی تعلیم اور بااختیار بنانا بھی قومی ترقی کا اہم ذریعہ ہے۔

غربت کا خاتمہ بھی ایک اہم قومی مقصد ہے۔ اسلام نے زکوٰۃ، صدقات، خیرات اور معاشی انصاف کے ذریعے ضرورت مندوں کی مدد کا نظام دیا ہے۔ اگر معاشرے میں معاشی مواقع بڑھیں، ہنر سکھائے جائیں، روزگار پیدا کیا جائے اور نوجوانوں کو کاروباری سہولیات فراہم کی جائیں تو غربت میں نمایاں کمی آ سکتی ہے۔ ماحولیاتی تحفظ بھی آج کے دور کی ایک اہم ذمہ داری ہے۔ درخت لگانا، پانی کی بچت کرنا، ماحول کو آلودگی سے بچانا اور قدرتی وسائل کی حفاظت کرنا بھی انسانیت کی خدمت ہے۔ اسلام زمین میں فساد پھیلانے سے منع کرتا ہے اور زمین کی اصلاح کی تعلیم دیتا ہے۔ پاکستان کی سلامتی اور استحکام صرف مضبوط دفاع سے نہیں بلکہ مضبوط تعلیمی نظام، شفاف حکمرانی، انصاف، اقتصادی ترقی، قومی اتحاد اور اخلاقی اقدار سے بھی وابستہ ہے۔ جب نوجوان تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور باکردار ہوں گے تو وہ اپنے علم اور محنت سے ملک کا نام دنیا بھر میں روشن کریں گے۔ پاکستان میں مختلف مکاتبِ فکر کے ممتاز علما نے پیغام پاکستان کے متفقہ بیانیے میں اس بات پر زور دیا ہے کہ ریاستی قانون سے ہٹ کر پرتشدد انتہاپسندی اور خود ساختہ مسلح کارروائیاں اسلامی تعلیمات کے مطابق درست نہیں، جبکہ امن، قانون کی پاسداری، قومی استحکام اور مثبت اصلاح کی کوششیں معاشرے کے مفاد میں ہیں۔ اس تناظر میں نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی توانائیاں تعلیم، تحقیق، خدمتِ خلق، اخلاقی اصلاح اور ملکی ترقی کے لیے وقف کریں۔
آج کا دور علم، ٹیکنالوجی، اختراع اور عالمی مسابقت کا دور ہے۔ جو قومیں تعلیم، سائنس، مصنوعی ذہانت، طب، انجینئرنگ اور تحقیق میں سرمایہ کاری کرتی ہیں، وہی ترقی کرتی ہیں۔

☆☆☆☆

پاکستان میں سیلاب: قدرتی آفت یا انسانی غفلت

عبدالغفور چودھری

پاکستان کو اللہ تعالی کی ذات بابرکات نے بلند وبالا پہاڑوں، وسیع دریاؤں، زرخیز زمینوں اور ایک بہت بڑے آبپاشی نظام سے نوازا ہے۔ دریائے سندھ اور اس کے معاون دریا پاکستان کی معیشت، زراعت اور زندگی کی شہ رگ ہیں۔ لیکن یہی دریا جب اپنی حدود سے تجاوز کرتے ہیں تو لاکھوں انسانوں کے لیے موت، تباہی اور بے گھری کا پیغام لے کر آتے ہیں۔ گزشتہ سات دہائیوں سے پاکستان نے درجنوں بڑے اور سیکڑوں درمیانے درجے کے سیلاب دیکھے ہیں۔ ہر بار ہزاروں خاندان بے گھر ہوئے۔ ان کے مال اور مویشی پانی میں بہہ گئے۔ اربوں روپے کا نقصان ہوا۔ حکومتیں امدادی اعلانات کرتی رہیں۔ دردل رکھنے والے پاکستانی حکومت کی آواز پر لبیک کہتے رہے۔ بین الاقوامی ڈونر ایجنسیاں بھی دل کھول کر امداد کرتی رہیں۔ اور بعض اوقات درندہ دل انسان نما شیطان ایسے امدادی سامان پر بھی ہاتھ صاف کرتے نظر آئے۔ پھر تحقیقاتی کمیٹیاں تشکیل پائیں۔ چند دن شور مچا۔ اور پھر اس پر مٹی ڈال دی گئی۔ بدقسمتی سے ہمارے حکمران طبقے نے اس آسمانی آفت سے بچنے کے لیے کوئی مستقل اور پائیدار حل ڈھونڈنے کو کوشش نہیں کی۔ جونہی سیلاب اترتا ہے وہ لمبی تان کر سو جاتا ہے اور اگلے سال آنے والے سیلاب کی تباہ کاریوں کا انتظار کرتا ہے۔

پاکستان کی سیلابی تاریخ میں 1950 میں آنے والا سیلاب ہماری نوزائیدہ مملکت کے لیے ایک بہت بڑا سانحہ تھا۔ جس میں پنجاب اور سندھ کے وسیع علاقے زیرآب آئے، لاکھوں ایکڑ اراضی پر لہلہاتی فصلیں تباہ ہوئیں اور تقریبا 2900 جانیں ضائع ہوئیں۔ 1956 اور 1957 کے سیلابوں نے دریائے سندھ کے کنارے تقریباً 1955 علاقوں کو متاثر کیا۔ 1976 کے سیلاب نے پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں تباہی پھیلائی۔ سڑکیں، نہری نظام، پل اور فصلیں تباہ ہوئیں۔ 1988 میں مون سون کی غیر معمولی بارشوں نے جنوبی پنجاب اور سندھ میں بڑے پیمانے پر تباہی مچائی۔ لاکھوں افراد بے گھر ہوئے۔ معیشت کو اربوں کا نقصان ہوا۔ 2010 میں آنے والا سیلاب تاریخ کا بدترین سیلاب تھا۔ یہ سیلاب گلگت بلتستان، پنجاب، سندھ اور بلوچستان تک پھیل گیا۔ اس میں تقریباً دو کروڑ افراد متاثر ہوئے۔ تقریبا 2000 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ 2022 کا سیلاب بھی کوئی کم تباہ کن نہیں تھا۔ ریکارڈ مون سون بارشوں کے باعث تین کروڑ سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے۔ بیس لاکھ سے زیادہ مکان تباہ ہوئے۔ 1700 سے زائد اموات ہوئیں۔ اور کھربوں روپے کا مالی نقصان ہوا۔ اس سیلاب نے ثابت کر دیا کہ ہم اکیسویں صدی میں بھی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نبرد آزما ہونے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

پاکستان میں سیلاب کی وجہ سے جانی و مالی نقصانات ہونے کی وجوہات میں ڈیموں کی کمی، موسمیاتی تبدیلی سے گلیشیرز کا پگھلنا، جنگلات کی بے دریغ کٹائی، پانی کے گزرگاہوں پر تجاوزات، ناقص نکاسی آب کا نظام اور حکومتوں کی انتظامی نااہلی وغیر شامل ہیں۔ اگر ہم ملک میں آبی ذخائر کا ہمسایہ ملک بھارت سے موازنہ کریں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ بھارت میں اس وقت 5300 بڑے آبی ذخائر اور پاکستان میں صرف 73 بڑے آبی موجود ذخائر ہیں۔ اگر ہم اپنی حکومتوں کی اس حوالے سے کارکردگی کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ سب سے زیادہ آبی ذخائر ایک ڈکٹیٹر جنرل محمد ایوب خان کے دور حکومت میں بنائے گئے۔ ان کے بنائے گئے آبی ذخائر سے کل 6541 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے۔ اس کے بعد کی حکومتوں نے اب تک کل ملا کر 2603 میگاواٹ آبی ذخائر سے بجلی پیدا کرنے کے منصوبے مکمل کیے۔ دیامیر بھاشا ڈیم، داسو ڈیم اور مہمند ڈیم زیر تعمیر ہیں جن سے ہمیں تقریباً 7000 میگاواٹ بجلی فراہم ہوگی۔ اس طرح 2029 تک ہمارے پاس تقریباً 18000 میگاواٹ پن بجلی دستیاب ہوگی جب کہ ہماری ضرورت اس وقت تک تقریباً 30000 میگاواٹ تک پہنچ جائے گی۔ باقی بجلی کے لیے ہم آئی پی پیز کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور ہوں گے۔

حکومتوں نے اپنی ڈنگ ٹپاؤ سکیم کے تحت سیلاب یا دوسری ہنگامی آفات سے نمٹنے کے لیے این ڈی ایم اے (نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی)، پی ڈی ایم اے (پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی) اور ضلعی سطح پر ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں ڈی ڈی ایم سی (ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹی) اور تحصیل سطح پر اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں ٹی ڈی ایم سی (تحصیل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹی) تشکیل دی ہیں۔ جو تمام قسم کی آسمانی اور زمینی آفتوں کا مقابلہ کرنے کے لیے بنائی گئی ہیں۔ یہ ادارے اپنا کام بہ احسن وخوبی سر انجام دے رہے ہیں۔ کسی بھی ہنگامی حالت کی صورت میں ان اداروں کے ملازمین چوبیس گھنٹے ڈیوٹی پر نظر آتے ہیں۔ پچھلے سال کے سیلاب کے موقع پر صوبائی سیکریٹریز، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کھلے آسمان تلے متاثرین سیلاب کی چوبیس گھنٹے مدد کرتے ہوئے نظر آئے۔ ان کی مدد کے لیے پاکستان آرمی، رینجرز، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن، محکمہ موسمیات، محکمہ تعلیم، محکمہ انہار، لوکل گورنمنٹ کے اداروں، واپڈا وغیرہ نے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

☆☆☆☆

قومی مسائل کا حل

رابعہ رحمٰن

جب معیشت جمود کا شکار ہونے لگے امور مملکت چلانا بھی مشکل نظر آتا ہے۔ آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک سمیت دوسرے مالیاتی اداروں سے قرض لے کر گزارا کرنا پڑتا ہے اسی وجہ سے عوام پر اضافی بوجھ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے، قرض اتارنے کے لیے مزید قرض لینا پڑتا ہے۔ آئے دن بجلی، گیس اور تیل کے نرخ بڑھائے جاتے ہیں جس نے عام آدمی کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ سرمایہ کاری نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ تجارتی خسارہ بھی بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ ترقی کی شرح خطرناک حد تک کم ہوگئی ہے جبکہ کاروبار انتہائی سست روی کا شکار ہے جس کی وجہ سے بیروزگاری دن بدن بڑھ رہی ہے آسمان سے چھوتی ہوئی مہنگائی نے عوام کی چیخیں نکال کے رکھ دی ہیں۔ معیشت کی بحالی نئی حکومت کی پہلی ترجیح ہونی چاہیے لیکن یہ کیسے ممکن ہو کیونکہ پچھلی حکومت نے کامیابی کی تمام راہیں بند کردی تھیں اور اجتماعی سوچ اور حکمت عملی سے کام ہی نہیں لیا تھا۔ پاکستان اپنے تمام مسائل کے ساتھ نئی حکومت کو جب ملا تو راستے ہموار ہونے لگے اور پاکستان کے لامحدود وسائل اور صرف درست ترجیحات کا تعین ہونے لگا اور پالیسیز کا تسلسل ہی ہمیں منزل مقصود تک لے جانے لگا اور حکومت نے سمجھ لیا کہ اگر عوام سے قربانی مانگنی ہے تو اعتماد کی فضا سب سے ضروری ہے اگر حکومت کی حکمت عملی درست سمت پر چلتی نظر آئی، تو عوام اعتماد بھی کرنے لگے اور قربانیاں بھی دینے لگے۔ اب قلیل مدتی فیصلے کرنے کی بجائے طویل مدتی فیصلے اور حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ بیرونی ذرائع اور امداد پر انحصار کم کرکے برآمدات بڑھانا ہوں گی تاکہ تجارتی خسارہ کم سے کم ہو اور زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ سکیں۔ عوام کو کسی بھی قسم کا ریلیف تبھی مل سکتا ہے جب معیشت مضبوط ہو ورنہ قرض لے کر سبسڈی دینے سے مسائل کم نہیں ہوں گے بلکہ مزید بڑھیں گے معیشت پر سیاست ملک کے لیے ایک زہر قاتل ہے اور ایسا کرنے والے کسی صورت بھی ملک وقوم کے خیرخواہ نہیں ہوا کرتے۔
دہشت گردی ایک دوسرا سنگین مسئلہ ہے جس کا آج ہمارے ملک کو سامنا ہے پاکستان گزشتہ دو دہائیوں سے زائد عرصے سے دہشت گردی کے خلاف اس جنگ کا سب سے زیادہ متاثر ہونے والا ملک ہے اس جنگ میں سب سے زیادہ قربانیاں بھی پاکستان نے دی ہیں اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے، ایک ایک کر کے سب اس جنگ سے جان چھڑا کے بھاگ گئے ہیں مگر پاکستان آج بھی وہیں کھڑا ہے جن کی کامیابی سے یہ طویل اور مشکل ترین جنگ پاکستان کی افواج اور قوم نے لڑی ہے اس کی مثال تاریخ عالم میں نہیں ملتی۔ آج پاکستان کو تین اطراف سے دہشت گردی اور جارحیت کا سامنا ہے جس میں ازلی دشمن ہندوستان کے علاوہ اب افغانستان اور بدقسمتی سے ایران بھی شامل ہے۔ بلوچستان میں ایک شورش کی سی صورتحال ہے جبکہ سابقہ فاٹا کے علاقوں بالخصوص وزیرستان میں بھی دہشت گرد ریاست کے خلاف برسرپیکار ہیں جنھیں ہندوستان کے علاوہ افغانستان اور اب ایران کے چند مخصوص گروہوں کی مدد اور معاونت حاصل ہے۔ پاکستان کو جان بوجھ کر نشانہ بنایا جا رہا ہے تاکہ ملک ترقی نہ کر سکے اور سی پیک جیسے اہم منصوبے آگے نہ بڑھ سکیں۔ پاکستان اس دہشت گردی کا بہت دلیری سے نہ صرف مقابلہ کر رہا ہے بلکہ ان دہشت گردوں کو شکست بھی دے رہا ہے جس کے دوران مسلح افواج کے آفیسرز، جوان اور عام شہری جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں۔ دہشت گردی پر قابو پانا وقت کی اہم ضرورت ہے جس کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو حکومت کی بھرپور مدد کرنی چاہیے کسی بھی طرف سے دہشت گردوں سے ہمدردی ملکی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ثابت ہوسکتا ہے۔
بڑھتی ہوئی آبادی ایک اور اہم مسئلہ ہے جس پر قابو پانا وقت کی ضرورت ہے پاکستان کی شرح آبادی دنیا میں بلند ترین شرح والے چند ممالک میں شمار کی جاتی ہے دن بدن وسائل کم ہوتے جا رہے ہیں جبکہ آبادی بڑھتی جا رہی ہے

اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کیسے شروع کریں؟



آج کی جدید معاشی دنیا میں کاروبار کرنے کے طریقے پہلے کی نسبت بہت زیادہ تبدیل ہو چکے ہیں۔ ماضی میں کاروبار کا مطلب صرف دکان کھولنا، فیکٹری قائم کرنا یا کوئی تجارتی ادارہ چلانا سمجھا جاتا تھا، لیکن اب اسٹاک مارکیٹ (Stock Market) بھی سرمایہ کاری (Investment) اور دولت میں اضافے کا ایک اہم ذریعہ بن چکی ہے۔ دنیا کے بے شمار کامیاب سرمایہ کار اور کاروباری شخصیات نے اسٹاک مارکیٹ کے ذریعے اپنی دولت میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ تاہم، اسٹاک مارکیٹ میں کامیابی صرف قسمت کی مرہونِ منت نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے علم،

تحقیق، صبر، نظم وضبط اور درست حکمتِ عملی ناگزیر ہے۔ جو لوگ مناسب معلومات اور تحقیق کے بغیر سرمایہ کاری کرتے ہیں، وہ اکثر نقصان اٹھاتے ہیں، جبکہ سوچ سمجھ کر کیے گئے فیصلے طویل مدت میں بہتر نتائج دیتے ہیں۔

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (Pakistan PSX–ExchangeStock) ملک کی اہم مالیاتی منڈی ہے، جہاں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی سیکڑوں فہرست شدہ (Listed) کمپنیاں موجود ہیں۔ بینکاری، سیمنٹ، کھاد، تیل وگیس، توانائی، ادویہ سازی، ٹیکسٹائل اور دیگر صنعتوں کی کمپنیاں سرمایہ کاروں کو مختلف مواقع فراہم کرتی ہیں۔ اس لیے کسی بھی شعبے میں سرمایہ کاری سے پہلے اس صنعت کی مجموعی کارکردگی، معاشی حالات اور مستقبل کے امکانات کا جائزہ لینا ایک دانشمندانہ فیصلہ ثابت ہوتا ہے۔

اسٹاک مارکیٹ ایک منظّم مالیاتی منڈی (Market Financial) ہے، جہاں عوامی سطح پر فہرست شدہ کمپنیوں کے حصص (Shares) خریدے اور فروخت کیے جاتے ہیں۔ جب کوئی سرمایہ کار کسی کمپنی کے حصص خریدتا ہے تو وہ اس کمپنی کی ملکیت میں جزوی شریک بن جاتا ہے۔ اگر کمپنی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے، اپنے منافع میں اضافہ کرے یا اپنے کاروبار کو وسعت دے تو اس کے حصص کی قیمت میں اضافے کا امکان پیدا ہوتا ہے، جس سے سرمایہ کار کو سرمایہ جاتی منافع (Gain Capital) یا منافعِ حصص (Dividend) کی صورت میں فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ اسی لیے اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری سے پہلے اس کے بنیادی اصولوں کو سمجھنا نہایت ضروری ہے۔

اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کا پہلا قدم اپنا واضح سرمایہ کاری ہدف (Goal Investment) متعین کرنا ہے۔ ہر سرمایہ کار کو یہ فیصلہ کرنا چاہیے کہ آیا وہ مختصر مدت کے لیے ٹریڈنگ (Trading) کرنا چاہتا ہے یا طویل مدت کے لیے دولت میں اضافہ کرنا چاہتا ہے۔ اگر مقصد روزانہ کی بنیاد پر خرید و فروخت کے ذریعے منافع کمانا ہو تو اس کے لیے مارکیٹ پر مسلسل نظر رکھنا، فوری فیصلے کرنا اور کافی تجربہ درکار ہوتا ہے۔ اس کے برعکس، طویل مدتی سرمایہ کاری (Investingterm-Long) میں مضبوط بنیادی حیثیت رکھنے والی کمپنیوں کا انتخاب کر کے صبر کے ساتھ سرمایہ کاری برقرار رکھنا زیادہ مؤثر حکمتِ عملی سمجھی جاتی ہے۔ جب سرمایہ کاری کا مقصد واضح ہو جائے تو اگلا مرحلہ قانونی اور مالی تقاضوں کے مطابق مارکیٹ میں داخل ہونا ہوتا ہے۔
واضح سرمایہ کاری ہدف کے بعد سب سے اہم مرحلہ ایک رجسٹرڈ اور قابلِ اعتماد اسٹاک بروکر (BrokerStock) کا انتخاب ہے۔ پاکستان میں حصص کی خرید وفروخت براہِ راست نہیں کی جاسکتی بلکہ اس کے لیے پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) سے لائسنس یافتہ بروکر کی خدمات حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ بروکر کا انتخاب کرتے وقت اس کی ساکھ، تجربے، خدمات کے معیار، ٹریڈنگ پلیٹ فارم، بروکریج فیس، تحقیقی سہولیات اور صارفین کی معاونت کا بغور جائزہ لینا چاہیے۔ ایک قابلِ اعتماد بروکر نہ صرف خرید وفروخت کے آرڈرز مؤثر انداز میں مکمل کرتا ہے بلکہ سرمایہ کار کو مارکیٹ کے بارے میں مفید معلومات، تحقیقی رپورٹس اور جدید سرمایہ کاری کے آلات بھی فراہم کرتا ہے۔ مناسب بروکر کے انتخاب کے بعد اگلا مرحلہ ضروری اکاؤنٹس کھلوانا ہوتا ہے۔

سرمایہ کاری کا عملی آغاز کرنے کے لیے ٹریڈنگ اکاؤنٹ (Trading Account) اور سنٹرل ڈپازٹری سسٹم (AccountCDS) کھلوانا ضروری ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ YourKnow (KYC)Customer کی قانونی شرائط بھی پوری کرنا ہوتی ہیں، جن کے تحت قومی شناختی دستاویزات، بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات اور دیگر مطلوبہ معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد سرمایہ کاروں کے تحفظ، مالیاتی شفافیت اور ضابطہ جاتی تقاضوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے۔ اکاؤنٹس فعال ہونے کے بعد سرمایہ کار آن لائن ٹریڈنگ پلیٹ فارم یا اپنے بروکر کے ذریعے آسانی سے حصص خرید اور فروخت کرسکتا ہے، تاہم اس سے پہلے مناسب کمپنیوں کا انتخاب کامیاب سرمایہ کاری کی بنیاد ہے۔

کسی کمپنی کا انتخاب کرتے وقت صرف اس کے حصص کی موجودہ قیمت کو دیکھنا کافی نہیں ہوتا، بلکہ اس کی مالی کارکردگی (PerformanceFinancial)، آمدنی، منافع، قرضوں کی صورتحال، انتظامیہ کی صلاحیت اور مستقبل میں ترقی کے امکانات کا بھی باریک بینی سے جائزہ لینا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے سالانہ رپورٹ (Report Annual)، مالیاتی گوشوارے (Financial Statements)، فی حصص آمدنی (EPS)، قیمت اور آمدنی کا تناسب (Ratio E/P)، منافعِ حصص (Dividend) کی تاریخ اور مارکیٹ کیپٹلائزیشن (Market Capitalization) جیسے اشاریے سرمایہ کار کو زیادہ درست اور باخبر فیصلے کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بنیادی تجزیہ (AnalysisFundamental) اور فنی تجزیہ (Analysis Technical) کے درمیان فرق کو سمجھنا بھی بے حد ضروری ہے۔ بنیادی تجزیہ کمپنی کی مالی حالت، منافع، انتظامیہ اور طویل مدتی ترقی کے امکانات کا جائزہ لیتا ہے، اس لیے یہ طویل مدتی سرمایہ کاری کے لیے زیادہ موزوں سمجھا جاتا ہے۔ اس کے برعکس، فنی تجزیہ حصص کی قیمتوں، ٹریڈنگ والیوم (Trading Volume) اور مارکیٹ کے رجحانات کا مطالعہ کر کے خرید وفروخت کے موزوں مواقع کی نشاندہی کرتا ہے۔ کامیاب سرمایہ کار عموماً دونوں طریقوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں، کیونکہ تحقیق اور مستند معلومات کی بنیاد پر کیے گئے فیصلے افواہوں یا جذبات کے زیرِ اثر کیے گئے فیصلوں کی نسبت زیادہ محفوظ اور مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

اگرچہ مضبوط بنیادی حیثیت رکھنے والی کمپنیوں میں سرمایہ کاری نسبتاً محفوظ سمجھی جاتی ہے، لیکن مستقل کامیابی کے لیے رسک مینجمنٹ (ManagementRisk) کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہر سرمایہ کاری میں کسی نہ کسی درجے کا خطرہ موجود ہوتا ہے، اس لیے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ سرمایہ کار اپنے سرمائے کو ایک ہی کمپنی یا ایک ہی شعبے تک محدود رکھنے کے بجائے مختلف کمپنیوں اور شعبوں میں تقسیم کرے، تا کہ مجموعی خطرات کو کم سے کم کیا جا سکے۔

مضبوط بنیادی حیثیت رکھنے والی کمپنیوں میں سرمایہ کاری اس وقت زیادہ مؤثر ثابت ہوتی ہے جب سرمایہ کار رسک مینجمنٹ (Risk Management) کو اپنی سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کا لازمی حصہ بنائے۔ اسٹاک مارکیٹ میں منافع کے مواقع موجود ہوتے ہیں، لیکن ہر سرمایہ کاری کے ساتھ کچھ نہ کچھ خطرہ بھی وابستہ ہوتا ہے۔ اس لیے تمام سرمایہ ایک ہی کمپنی یا ایک ہی شعبے میں لگانے کے بجائے مختلف کمپنیوں، شعبوں اور اثاثوں میں تقسیم کرنا زیادہ دانشمندانہ حکمتِ عملی سمجھی جاتی ہے۔ اس طریقہ کار کو پورٹ فولیو ڈائیورسفیکیشن (Portfolio Diversification) کہا جاتا ہے۔ اگر کسی ایک شعبے میں مندی آ جائے تو دوسرے شعبوں میں حاصل ہونے والا منافع مجموعی نقصان کو کسی حد تک پورا کر سکتا ہے۔ اس طرح سرمایہ کار جذباتی فیصلوں سے بھی محفوظ رہتا ہے۔

آج ٹیکنالوجی نے اسٹاک مارکیٹ کے کام کرنے کے انداز کو یکسر بدل دیا ہے۔ آن لائن ٹریڈنگ پلیٹ فارم، موبائل ایپلی کیشنز، ریئل ٹائم مارکیٹ ڈیٹا، مصنوعی ذہانت (IntelligenceArtificial)، ڈیٹا اینالیٹکس (Analytics Data) اور جدید تحقیقی ذرائع سرمایہ کاروں کو زیادہ باخبر اور بروقت فیصلے کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) سے وابستہ بیشتر بروکرز اب جدید ڈیجیٹل سہولیات مہیا کرتے ہیں، جن کی مدد سے سرمایہ کار دنیا کے کسی بھی حصے سے اپنے پورٹ فولیو کی نگرانی کر سکتا ہے اور بروقت

خرید وفروخت کے فیصلے کرسکتا ہے۔ تاہم یہ حقیقت بھی ذہن میں رہنی چاہیے کہ ٹیکنالوجی محض ایک ذریعہ ہے، جبکہ پائیدار کامیابی کا انحصار علم، مالیاتی نظم وضبط اور درست فیصلوں پر ہوتا ہے۔

مالی نظم وضبط برقرار رکھنے کے لیے سرمایہ کاروں کو چند عام غلطیوں سے بھی بچنا چاہیے۔ افواہوں کی بنیاد پر حصص خریدنا، مارکیٹ کے عارضی اتار چڑھاؤ کو دیکھ کر جذباتی فیصلے کرنا، مناسب تحقیق کے بغیر سرمایہ کاری کرنا یا ایک ہی سرمایہ کاری میں ضرورت سے زیادہ سرمایہ لگا دینا، یہ تمام عوامل نقصان کا باعث بن سکتے ہیں۔ کامیاب سرمایہ کار ہمیشہ تحقیق، صبر، واضح حکمتِ عملی اور طویل مدتی نقطہ نظر کو ترجیح دیتے ہیں۔ وہ روزانہ کی قیمتوں میں ہونے والی معمولی تبدیلیوں کے بجائے کمپنی کی حقیقی کارکردگی اور مستقبل کے امکانات پر زیادہ توجہ دیتے ہیں۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ اسٹاک مارکیٹ میں راتوں رات امیر بننے کی خواہش اکثر مایوسی اور نقصان کا سبب بنتی ہے۔ دنیا کے معروف سرمایہ کار وارن بفیٹ (BuffettWarren) ہمیشہ صبر، طویل مدتی سرمایہ کاری، مسلسل تحقیق اور مضبوط بنیادی حیثیت رکھنے والی کمپنیوں کے انتخاب پر زور دیتے رہے ہیں۔ اس لیے افواہوں، قیاس آرائیوں اور جذباتی فیصلوں کے بجائے حقائق، مالیاتی اعداد وشمار اور واضح سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی کی بنیاد پر فیصلے کرنا ہی دانشمندی ہے۔

آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاری صرف حصص خریدنے اور فروخت کرنے کا نام نہیں، بلکہ یہ علم، تحقیق، صبر، مالی منصوبہ بندی اور ذمہ دارانہ فیصلوں پر مبنی ایک مسلسل سفر ہے۔ واضح سرمایہ کاری کے اہداف، قابلِ اعتماد بروکر، مضبوط بنیادی حیثیت رکھنے والی کمپنیاں، مؤثر رسک مینجمنٹ، پورٹ فولیو ڈائیورسفیکیشن، جدید ٹیکنالوجی کا دانشمندانہ استعمال اور طویل مدتی سرمایہ کاری کی حکمتِ عملی سرمایہ کار کو اعتماد کے ساتھ آگے بڑھنے میں مدد دیتی ہے۔ جو لوگ مسلسل سیکھنے کا جذبہ برقرار رکھتے ہیں، مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ کو سمجھتے ہیں اور جذبات کے بجائے حقائق کی بنیاد پر فیصلے کرتے ہیں، وہ نہ صرف اپنی ذاتی مالی خوشحالی میں اضافہ کر سکتے ہیں بلکہ پاکستان کی سرمایہ منڈی کی ترقی، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور قومی معیشت کے استحکام میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

بقیہ 1

استعداد اضافے کیلئے نجی شعبے سے اچھی شہرت کے ماہرین تعینات کیے جائیں،اوگرا کی تنظیم نو کرکے ہر شعبے اور منصب کیلئے ماہرین کی میرٹ پر شفاف طریقہ کار سے تعیناتی کی جائے،تمام ریگولیٹری اداروں کا اپنے متعلقہ وزارتوں سے باضابطہ رابطہ قائم کرنے کیلئے ضروری اقدامات لئے جائیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت جمعہ کو آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی اصلاحات اور ادارہ جاتی استعداد میں بہتری کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا تمام اداروں میں یکساں طور پر نفاذ یقینی بنایا جائے۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ایف بی آر کے جدید ٹریکنگ نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں اینڈھن کی آمدورفت کی کڑی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی و سافٹ ویئر کے استعمال کے اطلاق سے بندرگاہوں و ریفائنریوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ اوگرا کے استعداد اضافے کیلئے نجی شعبے سے اچھی شہرت کے ماہرین تعینات کیے جائیں،اوگرا کی تنظیم نو کرکے ہر شعبے اور منصب کیلئے ماہرین کی میرٹ پر شفاف طریقہ کار سے تعیناتی کی جائے۔

بقیہ 2

سکیورٹی فورسز نے رواں سال اب تک دہشت گردی کے خلاف 40348 آپریشن کیے جن میں 2084 مصدقہ دہشت گرد مارے گئے،دہشتگردوں کو سمجھ آ گیا ہے کہ ان سے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی،دہشتگردوں کو ہتھیار ڈالنے ہوں گے یا ہم انہیں ختم کردیں گے،طالبان حکومت دہشت گردوں کی مدد کررہی ہے اور بم دھماکوں میں بھی زیادہ تر افغان باشندے ملوث پائے گئے،بلوچستان سے متعلق منفی پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے،جان بوجھ کر یہ تاثر پھیلایا جاتا ہے کہ بلوچستان میں حالات خراب ہیں،ایلیٹ کلاس اور سردار بلوچستان کی ترقی کے خلاف ہیں،جن مسنگ افراد کی فہرستیں دی جاتی ہیں وہ کہیں لڑائی میں مارے جاتے ہیں،معرکہ حق میں ناکامی کے بعد دشمن نے بلوچستان پر توجہ مرکوز کی ،بھارت اور افغانستان کا مشترکہ ایجنڈا دہشت گردی ہے،کشمیر پاکستان کا اٹوٹ انگ تھا، ہے اور رہے گا،سعودی عرب خادم حرمین الشریفین ہے،پاکستان محافظ حرمین الشریفین ہے،پاکستان اور یواے ای برادر ملک ہیں،دونوں کے بڑے گہرے تعلقات ہیں،پروپیگنڈا کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوں گے،شہیدوں کے بارے میں مولانا نے جو بات کی وہ ناقابل فہم ہے۔جمعہ کو انسداد دہشت گردی اور سکیورٹی کے معاملات پر لیس بریفنگ دیتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ ملک میں 5 سال کے دوران بڑے پیمانے پر انسداد دہشت گردی آپریشنز کیے گئے، بلوچستان میں اب تک 31 ہزار انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیے جاچکے ہیں جبکہ کے پی میں 7177 آپریشنز کیے جا چکے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ اس سال اب تک 819 افراد دہشت گردی کی کارروائیوں میں شہید ہو چکے ہیں، دہشتگردی کے خلاف لڑتے ہوئے آرمی کے 303 جوان شہید ہوئے، 322 شہری بھی دہشت گرد کارروائیوں میں شہید ہوئے۔انہوں نے کہا کہ 2084 مصدقہ دہشت گرد مارے گئے،سکیورٹی فورسز نے 194 آپریشن روزانہ کیے ہیں،ہر روز 10 دہشت گرد مارے گئے،مجموعی طور پر 28 خودکش حملوں کے واقعات ہوئے، زیادہ تر بم دھماکوں میں افغان باشندے ملوث ہیں،ٹانک،کراچی میں پیش آنے والے واقعات میں افغانی ملوث تھے،افغانستان کی طالبان رجیم دہشت گردوں کی معاونت کر رہی ہے، افغانستان کی ڈپلومیسی بھی دہشتگردی کیا رہی ہے، دہشتگردوں اور ان کے سہولتکاروں کو 100 گنا تکلیف دیں گے کہ قیامت تک یاد رکھیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ جان بوجھ کر یہ تاثر پھیلانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ بلوچستان میں حالات خراب ہیں، دہشت گردوں سے بات چیت کی کوئی گنجائش نہیں ہے، دہشت گرد یا تو قانون کے مطابق ہتھیار ڈال دیں یا پھر ہم ان کے لڑیں گے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے متعلق جان بوجھ کر پروپیگنڈا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کیونکہ ایلیٹ اور سردار چاہتے ہیں کہ غریب کا بچہ آگے نہ بڑھے، دہشتگردوں کا ایک قبیلہ ہے جس میں اسٹیٹس کو ہے، اسٹیٹس کو یہ ہے کہ غریب کا بچہ پڑھے نہیں، ہمیشہ ان کا غلام رہے،انہیں عادت ہے لیویز میری ذاتی فورس ہے، میں اس کا سردار ہوں، بلوچستان کا مسئلہ وہاں کے سردار اور ایلیٹ طبقہ ہے،ان کو اپنے ذاتی گھروں کی چوکیداری کیلئے لیویز فورس چاہیے، ہم ایلیٹ کلاس اور سردار سے نہیں بلوچستان کے لوگوں سے بات کریں گے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ یہ لوگ لیویز فورس کو اپنی سرداری فورس سمجھتے ہیں، دوسری صورت میں دہشتگردی کرنے کی دھمکیاں دیتے ہیں، افغان طالبان رجیم کا ایک ہی کام ہے یہ دہشتگردی کو بطور کاروبار کرتے ہیں، افغانستان اور بھارت کے درمیان بی ایل اے کے علاوہ اور کیا چیز مشترکہ ہے، یہ افغانستان نہیں، افغان طالبان رجیم کے زیر قبضہ علاقے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آئین اور قانون سب کیلئے برابر ہے، کیا ہم ہارڈ اسٹیٹ ہیں؟ ہارڈ اسٹیٹ وہ ہوتی ہے جس میں تمام معاملات آئین اور قانون کے مطابق ہوں، ہارڈ اسٹیٹ کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ملٹری ریاست کو چلا رہی ہے، ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ریاست کے ساتھ وفادار ہوں کیونکہ ریاست ہے تو سیاست ہے، ریاست تو ہم سب کی جان ہے، پاکستان ہی ہماری پہلی اور آخری پہچان ہے۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ ہم ان کو باہر نکل کر مار رہے ہیں، ہم ان کا شکار کررہے ہیں، اس لیے اب فتن الخوارج، فتن الہندوستان اور ان کے بھارت میں بیٹھے ہینڈلرز اب سافٹ ٹارگٹ کو نشانہ بنا رہے ہیں، اس سال اب تک 178 سویلینز کو شہید کیا جا چکا ہے، انہوں نے 24 مقامات پر پلوں اور سڑکوں کو تباہ کیا، 60 مقامات پر آگ لگائی گئی، یہ ہے ان لوگوں کی احساس محرومی اور ان کا ترقی مخالف ایجنڈا جسے وہ پروان چڑھاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ بلوچستان کی بچیوں کے ساتھ ایک واردات ڈال رہے ہیں، ذہنی طور پر ان کو ٹریپ کرکے ان کے ہاتھوں دہشتگردی کراتے ہیں، اس کا ہمارے دین اور کلچر کے ساتھ کوئی تعلق نہیں، لاپتہ افراد سے متعلق بھی کہا جاتا ہے 10 ہزار بھی 20 ہزار کہتے ہیں، لاپتا افراد سے متعلق کمیشن بنایا گیا جس میں درخواستیں دی گئیں۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بلوچستان سے لوگ خود کہتے ہمارا بھائی یا بیٹا مسنگ ہو گیا اس سے کوئی تعلق نہیں، ایسے مسنگ کا پتہ چلتا ہے کہ وہ بی ایل اے میں شامل ہو گیا ہے، جن مسنگ افراد کی فہرستیں دی جاتی ہیں وہ کہیں لڑائی میں مارے جاتے ہیں، کچھ مسنگ پرسنز گوادر، کوئٹہ، مستونگ میں دہشتگردی میں مارے جاتے ہیں، بلوچستان کی پولیس ان بدمعاشوں کو رگڑنے کیلئے کافی ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت کی 300 سے زائد بوگس ویب سائٹ بلوچستان کیخلاف پروپیگنڈا کررہی ہیں، بوگس ویب سائٹس مختلف پلیٹ فارمز کے ذریعے نفرت اور تقسیم کو ہوا دے رہی ہیں، ان کے پیچھے ہندوستان کا سائبر ہو گا لیکن ہمارا بچہ بچہ بھی کم نہیں، ہم بلوچستان کے عوام کو امپاور کرنا چاہتے ہیں اور کر رہے ہیں، ہر سال بلوچستان میں آئی ٹی میں 10800 طلبا کو تعلیم دی جاتی ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ 26 لاکھ افغان مہاجرین بھجوائے جاچکے ہیں، جانا ہے تو ویزا لیں، حکومت سے درخواست کریں، رکارڈ پر جائیں اور واپس آئیں، ابھی تک ہم 25 ارب کے قریب اسمگلڈ سامان پکڑ چکے ہیں، ہارڈ اسٹیٹ میں اسمگلرز کی جگہ صرف جیل میں ہے، ساڑھے 4 ہزار بندے پکڑے جو ہومین اسمگلنگ میں ملوث تھے۔وزیر داخلہ محسن نقوی کے بیان سے متعلق سوال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ وزیر داخلہ کا بیان ان کی ذاتی رائے ہے، گڈ گورننس کے بغیر آپ کے معاملات حل نہیں ہو سکتے، نیشنل ایکشن پلان کے 14 نکات ہیں جس پر تمام سیاسی جماعتیں متفق ہیں، پاکستان کی سکیورٹی کیلئے گڈ گورننس انتہائی اہم ہے، مسائل حل نہیں ہورہے اس کا مطلب ہے گڈ گورننس کیلئے کچھ کرنا پڑے گا

بقیہ 3

اینٹی ٹیررسٹ فورس (ATF) ٹریننگ اسکول میں 20 ویں ٹریننگ کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان اور کمانڈنٹ اے ٹی ایف اسد خان نے بھی خطاب کیا جبکہ قبل ازیں اے ٹی ایف کے جوانوں نے انسداد دہشت گردی کی پیشہ ورانہ تربیت، جنگی مہارت اور آپریشنل صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ پیش کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان پولیس، اے ٹی ایف، سی ٹی ڈی اور اسپیشل آپریشنز ونگ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صف اول کا کردار ادا کر رہے ہیں اور حکومت ان فورسز کو مزید مضبوط، جدید اور مؤثر اسٹرائیکنگ فورس کی شکل دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ان فورسز کو جدید اسلحہ، آلات، تربیت اور تمام ضروری وسائل فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ دہشت گردی کے ناسور کا مؤثر انداز میں خاتمہ کرسکیں انہوں نے اے ٹی ایف میں شامل ہونے والی تین خواتین کانسٹیبلز کو خصوصی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی بیٹیاں اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ امن، قانون کی بالادستی اور وطن کے دفاع کیلئے آگے بڑھ رہی ہیں، جو پورے معاشرے کیلئے باعث فخر اور دیگر نوجوان خواتین کیلئے مشعل راہ ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہداء کی قربانیاں قوم کا سرمایہ ہیں اور ان کا مقدس خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا

بقیہ 4

میں کیا گیا۔مختلف وجوہات کی وجہ سے رسمی تعلیم سے محروم 18 لاکھ بچوں کو دوبارہ تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے پر 5 سال کے دوران عملدرآمد کیا جائے گا، جبکہ رواں سال کیلئے 8 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔چیف سیکرٹری کے مطابق غیر رسمی تعلیم کا منصوبہ محکمہ سماجی بہبود کی زیر نگرانی چلایا جائے گا۔چیف سیکرٹری نے بتایا کہ منصوبے میں 9 سے 16 سال کی عمر کے بچوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

بقیہ 5

34 کانکنوں کی لاشیں نکال لی گئیں جبکہ 2 کی تلاش میں جمعہ کی شام تک ریسکیو آپریشن جاری رہا۔ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق ہونے والے بیشتر افراد کا تعلق سوات کے علاقے شانگلہ سے ہے جن کی لاشیں ضروری کاروائی کے بعد آبائی علاقوں کی جانب روانہ کردی گئی ہیں

بقیہ 6

مقصد ڈیجیٹل خلیج کا خاتمہ، فری لانسرز، ای کامرس سے وابستہ افراد اور نوجوانوں کیلئے نئے معاشی مواقع پیدا کرنا اور فائبر آپٹک وفائیوجی انفراسٹرکچر کی توسیع کے ذریعے پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کو مزید مضبوط بنانا ہے۔وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ کی زیر صدارت قومی ٹیکنالوجی پلان سے متعلق جمعہ کو اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ اور متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں ملک بھر کے دیہات، دور دراز علاقوں اور چھوٹے شہروں تک تیز رفتار انٹرنیٹ کی رسائی کو یقینی بنانے، ڈیجیٹل خلیج کو کم کرنے اور نئے معاشی مواقع پیدا کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احد چیمہ نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح ایسے فری لانسرز، ای کامرس سے وابستہ کاروباری افراد اور دیگر ڈیجیٹل شعبوں میں کام کرنے والے شہریوں کو سہولیات فراہم کرنا ہے جو دوردراز علاقوں میں سست اور غیر معیاری انٹرنیٹ کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

بقیہ 7

مذاکرات کے امریکی سربراہ، امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ اور امریکی تجارتی نمائندے جیمسن گریئر کے ساتھ ورچوئل تبادلہ خیال کیا۔جمعہ کے روز فریقین نے بیجنگ میں چین اور امریکہ کے صدور کے درمیان ہونے والی ملاقات میں طے پانے والے اہم اتفاق رائے پر عمل درآمد، آئندہ مرحلے میں چین، امریکہ اقتصادی وتجارتی تعلقات کے استحکام کو برقرار رکھنے، عملی تعاون کو وسعت دینے اور باہمی دلچسپی کے حامل اقتصادی وتجارتی مسائل کے مناسب حل پر کھلے، گہرے اور تعمیری انداز میں تبادلہ خیال کیا۔چین نے حالیہ عرصے میں امریکہ کی جانب سے چین پر عائد تجارتی پابندیوں پر اپنی شدید تشویش کا اظہار کیا۔فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے صدور کی اسٹریٹجک رہنمائی میں چین،امریکہ اقتصادی وتجارتی مشاورتی میکانزم کو مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے گا

بقیہ 8

کرنے والے دو آئل ٹینکروں کو نشانہ بنایا، جو ایرانی حکام کے مطابق امریکی فوج کی فضائی نگرانی میں متبادل بحری راستہ استعمال کر رہے تھے۔پاسداران انقلاب کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ دونوں آئل ٹینکروں نے آبنائے ہرمز عبور کرنے کیلئے ایران کی جانب سے مقرر کردہ بحری راستے کے بجائے ایک ''غیر اعلانیہ راستہ'' اختیار کیا، جسے امریکا کی حمایت یافتہ متبادل گزرگاہ قرار دیا گیا۔بیان کے مطابق ایرانی فورسز کی کارروائی کے بعد دونوں آئل ٹینکرز کو روک دیا گیا، جبکہ مزید چار آئل ٹینکروں نے اپنا سفر جاری رکھنے کے بجائے راستہ تبدیل کرتے ہوئے واپس لوٹنے کا فیصلہ کیا۔پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ یہ کارروائی ایران کی بحری ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنانے کیلئے کی گئی، تاہم بیان میں متاثرہ جہازوں کی شناخت، ان پر موجود عملے یا کسی ممکنہ جانی نقصان کے بارے میں کوئی تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں

بقیہ 9

سرفراز بگٹی نے محکمہ مائنز اینڈ منرلز کو ہدایت کی کہ واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ انکوائری کرکے حادثے کی وجوہات کا تعین کیا جائے اور تفصیلی رپورٹ فوری طور پر پیش کی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ اگر تحقیقات کے دوران کسی بھی سطح پر غفلت، کوتاہی یا حفاظتی ضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہوئی تو ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ متاثرہ خاندانوں کو ہرممکن معاونت فراہم کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں انہوں نے کہا کہ کان کنوں کی جانوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور صوبے بھر کی کوئلہ کانوں میں حفاظتی معیارات اور مائننگ قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے

بقیہ 10

سعودی عرب خادم حرمین الشریفین ہے، پاکستان محافظ حرمین الشریفین ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان اور یواے ای برادر ملک ہیں، دونوں کے بڑے گہرے تعلقات ہیں، پاکستان اور یو اے ای کے تعلقات پر سوشل میڈیا پر غیر منطقی معروضات دی جاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ دنیا میں کوئی دو ملک ایسے نہیں ہوتے جن کا ہر چیز پر نقطہ نظر ایک ہو، پروپیگنڈا کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوں گے

بقیہ 11

غزہ پٹی کے انتظامی امور سنبھالے گا جبکہ حماس نے کہا ہے کہ امن معاہدے کے دوسرے مرحلے پر عملدرآمد اسرائیل کی پابندی سے مشروط ہوگا، بھاری ہتھیاروں کو تحویل میں دینا اسرائیلی فورسز کے حملے رکنے، انخلا پر منحصر ہے۔عرب میڈیا کے مطابق بورڈ آف پیس کے تمام فریقوں نے غزہ پٹی میں قیام امن کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے جامع منصوبے کی حمایت کردی۔تمام فریقوں نے غزہ پٹی سے اسرائیلی فورسز کے انخلا اور معمولات زندگی بحال کرنے پر اتفاق کیا اور غزہ پٹی میں فلسطینی ریاست کی اجارہ داری قائم کرنے، تعمیر نو، امن کا قیام اور ترقیاتی کاموں کے آغاز پر زور دیا۔

بقیہ 12

کہا کہ جنت بینظیر ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک ایسا کشمیر جہاں امن، انصاف اور خوشحالی ہو۔انہوں نے کہا کہ جنت بینظیر کا مطلب کشمیر کے وسائل پر پہلا حق کشمیر کے عوام کا ہو۔بلاول بھٹو نے کہا کہ ہر نوجوان کو روزگار ملے اور کشمیر کا فیصلہ کشمیر کے عوام خود کریں، میرا خواب حق حاکمیت، حق ملکیت اور حق روزگار کے تین حقوق کی بنیادیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیری 2 اگست کو تیر پر مہر لگائیں اور وادی کشمیر کو جنت بینظیر بنائیں۔

بقیہ 13

انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں بارودی مواد سے بھری دو گاڑیوں کو، جو خودکش حملوں کیلئے تیار کی گئی تھیں، بروقت نشانہ بنا کر تباہ کیا اور انہیں چلانے والے بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے چار دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔یہ کامیابی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیت، مستعدی اور قومی سلامتی کیلئے غیر متزلزل عزم کا واضح ثبوت ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت کے حمایت یافتہ دہشتگرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوششوں میں مصروف ہیں، تاہم ریاست، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ان کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنائیں گے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ "عزم استحکام" کے وژن کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی اور بلوچستان میں امن وامان کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 14

اسرائیل جنگ بندی اور دیگر وعدوں پر عمل کرتا ہے یا نہیں۔حماس کے مطابق مکمل غیر مسلح ہونے کا معاہدہ اسی صورت ممکن ہے جب امریکہ اور اسرائیل جنگ بندی سے متعلق اپنے وعدے پورے کریں۔تنظیم نے کہا کہ اسرائیلی حکومت کی جانب سے تاحال اس حوالے سے کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔

بقیہ 15

گئے ہیں تاکہ متاثرہ خاندانوں کو ہرممکن سہولت فراہم کی جا سکے انہوں نے کہا کہ محکمہ مائنز اینڈ منرلز، پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ اداروں کی ٹیمیں جائے حادثہ پر مکمل مستعدی کے ساتھ ریسکیو اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں اور تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ذریعے صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس افسوسناک سانحے پر غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ خاندانوں کو ہرممکن تعاون اور سہولت فراہم کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ امدادی سرگرمیوں میں کوئی کوتاہی نہ برتی جائے اور متاثرہ خاندانوں کی فوری مدد کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 16

خارجہ عباس عراقچی نے ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی حکومت مصر کو اپنا دوست اور خطے میں اہم شراکت دار سمجھتی ہے اور اس کی سکیورٹی ہماری انتہائی ترجیحات میں سے ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم سب کو اسرائیل کی ایسی سازشوں اور فالس فلیگ آپریشنز سے خبردار رہنا چاہیے جو خطے کے امن کو سبوتاژ کرنے کیلئے ہیں۔ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ خطرہ واضح اور مشترکہ ہے جو کہ مسلمانوں کے اتحاد کو لاحق ہے

بقیہ 17

امر کا اظہار کیا گیا کہ 23 جولائی 2026ء کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، جناب عبدالحلیم کاکڑ (مرحوم) کو ولی خان کراسنگ کے قریب ایک مسلح حملے میں اس وقت شہید کر دیا گیا، جب وہ اپنے سرکاری فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں کوئٹہ سے مستونگ جا رہے تھے۔ جناب عبدالحکیم کاکڑ (مرحوم) ایک نہایت دیانت دار، فرض شناس، باکردار اور محبِ وطن عدالتی افسر تھے، جن کی پیشہ ورانہ ساکھ ہر قسم کے داغ سے پاک اور بے مثال تھی۔انہوں نے اپنی پوری عملی زندگی کے دوران غیر متزلزل دیانت، بے لوث وابستگی، انتھک محنت اور بے مثال جرات کے ساتھ انصاف کی فراہمی کے مقدس فریضے کی انجام دہی کی۔دوران منصبی فرائض اپنی جان کا عظیم ترین نذرانہ پیش کرتے ہوئے انہوں نے فرض شناسی، جرات اور ایثار کی ایک درخشاں مثال قائم کی، اور راہ خدمت میں شہادت کا عظیم مرتبہ حاصل کیا۔معزز چیف جسٹس اور معزز جج صاحبان کی جانب سے اس افسوسناک واقعے میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج طارق علی لاشاری کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا گیا اور ان کی جلد اور مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی گئی

بقیہ 18

پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہداء نے وطن کے امن، سلامتی اور عوام کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔پوری قوم ان کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت واحترام سے یاد رکھے گی اور ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتی رہے گی میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان اس دکھ کی گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔انہوں نے حملے میں زخمی ہونے والے اہلکاروں کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے نیک خواہشات اور دعا کا اظہار بھی کیا۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز، ایف سی، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے تمام اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ریاست دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت، عزم اور قانون کے مطابق جاری رہیں گی

بقیہ 19

خدمت کی ہے۔یہ بات انہوں نے جمعہ کو اپنی رہائش گاہ جنگ ہاؤس آصف آباد میں کھلی کچہری کے موقع پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے شہریوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر انہوں نے حلقہ انتخاب سے آنے والے مختلف علاقوں کے عوام سے ملاقات کی اور ان کے مسائل و شکایات براہ راست سنیں۔کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے اپنے علاقوں میں درپیش مختلف مسائل سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔حاجی علی مدد جتک نے عوامی مسائل کو غور سے سنا اور موقع پر ہی متعلقہ حکام سے رابطہ کرتے ہوئے مسائل کے فوری اور مؤثر حل کیلئے ضروری ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ عوامی خدمت اور شہریوں کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کو براہ راست اپنی شکایات اور مسائل پیش کرنے کا موقع فراہم کرنا ہے

بقیہ 20

بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل میں سوال کیا ہے کہ گلگت بلتستان الیکشن میں پیپلز پارٹی حکومت بنائے تو الیکشن شفاف، کشمیر میں بلاول ہار گئے تو دھاندلی ہوگئی؟

بقیہ 21

نوابزادہ میر طارق خان مگسی نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی فکری بنیاد اور پائیدار ترقی کی ضامن ہے، لہٰذا حکومت بلوچستان تعلیمی شعبے کی مضبوطی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ضلع جھل مگسی میں تعلیمی معیار کی بلندی، ادارہ جاتی استحکام اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں شفافیت اور احتساب پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ اہلیت کو ہر فیصلے کی بنیاد بنایا جائے گا تاکہ تدریسی نظام مزید مؤثر اور نتیجہ خیز بن سکے۔نوابزادہ طارق خان مگسی نے بتایا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے ضلع جھل مگسی کیلئے ایک سرکاری اسکول بس فراہم کر دی گئی ہے، جبکہ گنداواہ کیلئے بھی آئندہ چند روز میں ایک نئی سرکاری بس مہیا کی جائے گی، جس سے طلبہ، اساتذہ اور دور دراز علاقوں کے شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ 22

13 روپے فی کلو اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی فی کلو قیمت 241 روپے سے بڑھا کر 254 روپے مقرر کردی گئی ہے۔اس اضافے کے بعد گھریلو سلنڈر 2849 روپے کے بجائے 3001 روپے میں دستیاب ہوگا جبکہ کمرشل سلنڈر کی قیمت 10961 روپے سے بڑھ کر 11546 روپے پر پہنچ جائے گی۔نوٹیفکیشن کے مطابق نئی قیمتوں کا اطلاق یکم اگست کی رات 12 بجے سے ہوگا۔اس اضافے سے عام صارفین پر مہنگائی کا بوجھ بڑھے گا۔خصوصاً ان صارفین کیلئے جو کہ مکمل طور پر ایل پی جی پر انحصار کرتے ہیں۔ایل پی جی انڈسٹریز ایسوسی ایشن پاکستان کے چیئرمین عرفان کھوکھر نے کہا کہ مہنگائی سے ستائی غریب عوام کو ریلیف فراہم اور صارفین کو سرکاری قیمت پر ایل پی جی فراہم کی جائے

بقیہ 23

خطرناک اور مشکل روزگار سے وابستہ ہیں۔میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ مائنز اونرز اور دیگر متعلقہ افراد اس طرح کے خطرناک حادثات کو روکنے کیلئے حفاظتی تدابیر اور وضع کردہ قوانین پر عملدرآمد کریں تو ممکنہ حد تک ان حادثات سے بچا جا سکتا ہے۔صوبائی وزیر نے محکمہ مائنز اینڈ منرلز کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ وہ تمام کوئلہ کانوں میں حفاظتی ضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرکے ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 24

ملاقات کی جس میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے تمام چیمبرز آف کامرس نے اپنے صوبوں کی موجودہ سکیورٹی صورتحال اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے وفد کو ملک خصوصا دونوں صوبوں میں سکیورٹی کی مجموعی صورتحال اور حکومتی اقدامات سے آگاہ کیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے تاجر برادری کو مکمل تعاون کا یقین دہانی کرائی۔محسن نقوی نے کہا کہ حکومت تاجروں اور صنعتکاروں کے مسائل کے حل اور ان کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے گی۔انہوں نے کہا کہ جلد ہی پشاور اور کوئٹہ کا دورہ کروں گا، جہاں متعلقہ صوبائی حکومتوں کے اعلیٰ حکام اور نمائندوں کی موجودگی میں آپ سے تفصیلی ملاقاتیں کی جائیں گی تاکہ درپیش مسائل کا مستقل اور عملی حل نکالا جاسکے

بقیہ 25

کے مطابق دونوں ایوانوں کے الگ الگ اجلاس آزاد کشمیر انتخابات کے بعد طلب کیے جائیں گے۔ذرائع کے مطابق پہلے قومی اسمبلی کا اجلاس 7 اگست کو بلانے کا فیصلہ کیا گیا تھا، تاہم شیڈول میں تبدیلی کرتے ہوئے اب دونوں ایوانوں کے اجلاس انتخابات کے بعد منعقد ہوں گے۔پارلیمانی ذرائع کے مطابق اجلاسوں میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی بحث کی جائے گی، جبکہ حکومت متعدد اہم بلز بھی قانون سازی کیلئے ایوانوں میں پیش کرے گی۔

بقیہ 26

سوشل پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ بورڈ آف پیس نے غزہ میں حماس اور دیگر تمام مسلح گروہوں کے مکمل غیر مسلح ہونے سے متعلق ایک تاریخی معاہدہ کیا ہے، یہ معاہدہ دیرپا امن اور سلامتی کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ٹرمپ نے کہا کہ یہ معاہدہ غزہ میں بالآخر ایک نئی فلسطینی حکومت کے قیام کی جانب اہم پیش رفت ہے، جو فلسطینی عوام کی مدد کیلئے بورڈ آف پیس کے ساتھ قریبی تعاون سے کام کرے گی۔امریکی صدر نے کہا کہ ساتھ ہی اسرائیل کو بھی وہ سکیورٹی فراہم کی جائے گی جس کا وہ مطالبہ کرتا ہے، تاکہ غزہ کو مستقبل میں حملوں کے اڈے کے طور پر استعمال نہ کیا جاسکے۔امریکی صدر نے کہا کہ یہ معاہدہ میرے 20 نکاتی منصوبے پر عمل درآمد کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، اس پر مرحلہ وار عمل کیا جائے گا

بقیہ 27

سبکدوش ہونے والے آذربائیجان کے سبکدوش ہونے والے سفیر خضر فرہادوف نے الوداعی ملاقات کی جس میں دوطرفہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے اور نئے سنگ میل عبور کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق ملاقات میں وفاقی وزیر نے پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان مضبوط شراکت داری کے فروغ میں سفیر خضر فرہادوف کی خدمات کو سراہا۔علی پرویز ملک نے کہا کہ پاکستانی کمپنیوں اور سوکار کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون میں نمایاں اضافہ ہوا ہے

بقیہ 28

والے اداروں کے ساتھ مشترکہ طور پر ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے۔ پولیس شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔قومی سلامتی اور امن وامان کے قیام کیلئے بلوچستان پولیس اپنا اہم کردار ادا کرتی رہی گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ میں 20 ویں بیسک ٹریننگ کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔پاسنگ آؤٹ پریڈ میں بلوچستان پولیس کے 284 اہلکار جن میں 3 لیڈی کانسٹیبل شامل ہیں

بقیہ 29

ٹریڈ آرگنائزیشنز کو ہدایت کی ہے کہ آئندہ ملک گیر چیمبرز آف کامرس اور ٹریڈ ایسوسی ایشنز کے انتخابات کو مضبوط نگرانی، ڈیجیٹلائزیشن اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے شفاف، منصفانہ اور قابل اعتماد انداز میں منعقد کیا جائے۔ جمعہ کو وزارت سے جاری بیان کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز بلال خان پاشا سے 202628 کے تجارتی اداروں کے انتخابات کی تیاریوں پر تفصیلی بریفنگ حاصل کرنے کے بعد اپنے ویڈیو پیغام میں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت تجارتی اداروں کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور اس امر کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے کہ انتخابی عمل شفافیت، جوابدہی اور انصاف کے اعلیٰ ترین معیارات کی عکاسی کرے۔جام کمال خان نے کہا کہ پارلیمنٹ کی جانب سے ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ میں ترامیم کی منظوری کے بعد ضابطہ جاتی فریم ورک کو موثر بنانے اور تجارتی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے اہم اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں

بقیہ 30

(FPCCI) کے زیر اہتمام منعقدہ "بلوچستان" کے موضوع پر پینل ڈسکشن میں کاروباری برادری سے خطاب کے دوران کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے بلوچستان کی وسیع اور غیر استعمال شدہ معاشی صلاحیتوں پر روشنی ڈالتے ہوئے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو صوبے میں موجود متنوع سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، معدنیات، زراعت، توانائی، سیاحت اور ساحلی ترقی سمیت متعدد شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے غیر معمولی امکانات رکھتا ہے۔ بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی جانب سے سرمایہ کاروں کو ہرممکن سہولت فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے بتایا کہ بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر (BFC) ایک مؤثر ون ونڈو پلیٹ فارم کے طور پر سرمایہ کاروں کو رہنمائی، سہولت کاری اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطے کی خدمات فراہم کر رہا ہے تاکہ سرمایہ کاری کے عمل کو آسان، شفاف اور تیز بنایا جاسکے

بقیہ 31

پذیر کشمیری بھی شامل تھے وفود نے طارق بٹ ایڈووکیٹ، جاوید احمد خان، جہانگیر خان خروٹی، ہمیرا خان، میر زمان لہڑی، میر لیاقت، لیاقت راجپوت اور دیگر شامل تھے۔ملاقاتوں کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، صوبے میں جاری وفاقی ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفود نے ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر کو عوام کو درپیش مسائل سے تفصیل طور پر آگاہ کیا جس پر ڈپٹی چیئرمین نے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی مکمل حمایت اور کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی کھل کر مذمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی حمایت آئندہ بھی جاری رہے گا۔

بقیہ 32

نہ صرف متاثرہ خاندانوں بلکہ پوری قوم کیلئے باعث رنج ہے۔انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کان میں پھنسے ہوئے افراد کی بحفاظت بازیابی کیلئے ریسکیو آپریشن کو تمام دستیاب وسائل کے ساتھ مزید مؤثر اور تیز بنایا جائے تاکہ ممکنہ طور پر مزید قیمتی جانوں کو بچایا جا سکے۔ڈپٹی چیئرمین سینٹ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق کان کنوں کو اپنی بے پایاں رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔انہوں نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ڈپٹی چیئرمین سینٹ نے کہا کہ کان کنی کے شعبے میں کارکنوں کی جانوں کے تحفظ کیلئے حفاظتی ضوابط پر سختی سے عملدرآمد اور مؤثر نگرانی ناگزیر ہے

بقیہ 33

اجلاس میں جاری تعاون کا جائزہ لیا گیا اور موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ زراعت، غذائی تحفظ اور پائیدار زرعی ترقی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر نے ایف اے او کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ تنظیم کی دیرینہ شراکت داری کو سراہا اور زرعی شعبے اور غذائی نظام کو مضبوط بنانے میں ایف اے او کے تعاون کو قابل قدر قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی کاربن اخراج میں نہایت معمولی حصہ ڈالنے کے باوجود موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے لہذا موسمیاتی لچک پیدا کرنے اور جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے ایف اے او کے مزید تکنیکی تعاون کی ضرورت ہے۔ایف اے او کے وفد نے وفاقی وزیر کو جاری تعاون کے اہم شعبوں سے آگاہ کیا جن میں ون ہیلتھ پروگرام، غذائی تحفظ، سینیٹری و فائٹو سینیٹری (ایس پی ایس) نظام، اینٹی مائیکروبیل مزاحمت (اے ایم آر)، پائیدار زرعی میکانائزیشن، دریائے سندھ بیسن پروگرام کے تحت موسمیاتی لچک اور جی آئی ایس، ریموٹ سینسنگ اور ایگرو میٹرولوجیکل ٹیکنالوجیز کے ذریعے موسمیاتی لحاظ سے موزوں زراعت کا فروغ شامل ہیں

بقیہ 34

کوچ ارباب شاکر و دیگر عہدیداران سمیت اکیڈمی کے کھلاڑیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان نوجوانوں کو معیاری کھیلوں کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ہم نے مسلسل کرکٹ اکیڈمی کا دورہ کر کے درپیش مسائل اور موجودہ سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا، جس کے بعد اکیڈمی کی بہتری اور اپ گریڈیشن کا فیصلہ کیا گیا۔ان کے مطابق اکیڈمی میں پہلے صرف دو کرکٹ پچز موجود تھیں جن کی تعداد بڑھا کر اب دس کر دی گئی ہے، جبکہ تمام پچز پر اعلیٰ معیار کے نیٹس بھی نصب کر دیے گئے ہیں۔اس کے علاوہ ڈریسنگ رومز اور واش رومز کی مکمل تزئین و آرائش کے ساتھ انہیں فعال بنایا گیا ہے، فرش پر ٹف ٹائلز لگائی گئی ہیں، پینے کے صاف پانی کیلئے واٹر فلٹریشن سسٹم نصب کیا گیا ہے اور بجلی کا درپیش مسئلہ بھی حل کر دیا گیا ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری کھیل ڈرا بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے کرکٹرز نے ہر سطح پر اپنی بہترین صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے

بقیہ 35

ژوب، 3 کا خضدار، 2 کا کوہلو جبکہ 1 کا دکی سے تھا جاں بحق ہونے والوں میں 5 بچے، 3 مرد اور 2 خواتین شامل ہیں۔رپورٹ کے مطابق واقعات میں 16 افراد زخمی بھی ہوئے جن میں 13 بچے 2 خواتین اور 1 مرد شامل ہیں۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ صوبے میں 228 گھروں کو نقصان پہنچا ہے جن میں سے 210 جزوی جبکہ 18 شدید متاثر ہوئے ہیں۔یکم جون سے اب تک 126 مال مویشی ہلاک، 526 ایکڑ زرعی اراضی اور 11 کینال کو نقصان پہنچا ہے۔

بقیہ 36

کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ کوئلے کی کانوں میں زہریلی گیسوں کی بروقت نشاندہی کیلئے جدید گیس سینسرز، مؤثر وینٹی لیشن سسٹم، خودکار نگرانی، ایمرجنسی الرٹ سسٹم اور بین الاقوامی معیار کے حفاظتی پروٹوکول کا نفاذ وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ پرانے اور روایتی طریقوں پر انحصار مزدوروں کی جانوں کو مسلسل خطرات سے دوچار کر رہا ہے۔سینیٹر محمد عبدالقادر نے زور دیا کہ کانکنی کے شعبے کو جدید ٹیکنالوجی، سخت حفاظتی قوانین اور مؤثر نگرانی کے نظام سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے المناک حادثات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ انسانی جان سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں، اس لیے حکومت، کان مالکان اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ مزدوروں کے تحفظ کو قومی ترجیح بنایا جائے اور ایسے اقدامات کیے جائیں جو مستقبل میں مزید قیمتی جانوں کے ضیاع کو روک سکیں

بقیہ 37

ریسورسز پروگرام پر عملدرآمد کیلئے ایک اہم مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت دونوں جامعات اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک وزراعت کے تعاون سے بلوچستان میں آبی وسائل کی بحالی اور چراگاہوں کی ترقی کیلئے مشترکہ کوششیں کریں گے۔اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک و زراعت کے مالی تعاون سے جاری اس پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان میں پانی کے بحران پر قابو پانا، زراعت، لائیوسٹاک اور چراگاہوں کی صورتحال کو بہتر بنانا ہے

بقیہ 38

مختلف کارروائیوں میں ضبط کیے گئے اربوں روپے مالیت کے غیر قانونی سامان کو قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد نذر آتش کر دیا۔کسٹمز حکام کے مطابق ضبط شدہ سامان والبندین کسٹمز گودام میں محفوظ رکھا گیا تھا، جس میں سگریٹ، ادویات، چھالیہ، گٹکا، پان، کیمیکلز، منشیات، کاسمیٹکس اور دیگر ممنوعہ وغیر قانونی اشیاء شامل تھیں ضبط شدہ سامان کو ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نورشاہوانی، ایس پی چاغی شیرعلی ہزارہ، کسٹم اسپیکٹر سعود فیصل، کسٹم اسپیکٹر غلام حسین کھوسہ، کسٹم اسپیکٹر نوکنڈی اصغر کاکڑ، ایکسائز انسپیکٹر فیروز شاہ نوتیزئی سمیت دیگر سکیورٹی اور عسکری حکام کی موجودگی میں تلف کیا گیا۔

بقیہ 39

میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ اس سال جشن آزادی کو ملی جوش وجذبے کے ساتھ منایا جائے گا۔اس سلسلے میں سرکاری عمارتوں پر چراغاں، قومی پرچموں کی آویزیش اور ضلعی سطح پر پروقار تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔اجلاس کے دوران یوم استحصال کے حوالے سے بھی خصوصی پروگرام کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا، تاکہ کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا جاسکے اور مظلوم کشمیریوں کی جدوجہد کو اجاگر کیا جاسکے ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض منصبی پوری تندہی اور ذمہ داری سے انجام دیں، اور تمام تقریبات کو کامیاب بنانے کیلئے باہمی رابطہ کاری کو مزید بہتر بنائیں۔

بقیہ 40

مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے بےحد خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں بلڈ بینک اب مکمل طور پر فعال ہو چکا ہے۔" انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک نئی طبی سہولت نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت کی جانب ایک اہم قدم ہے، جو ضرورت مند مریضوں کو بروقت اور محفوظ خون کی فراہمی یقینی بنائے گا اور بے شمار قیمتی جانوں کے تحفظ میں معاون ثابت ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان کیلئے یہ لمحہ خصوصی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ ان کے مرحوم والد میر غلام قادر بگٹی کی یاد میں قائم اس ہسپتال میں عوامی خدمت کیلئے ایک اور بنیادی سہولت کا اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ان کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ ڈیرہ بگٹی کے عوام کو صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں اور بلڈ بینک کا قیام اسی وژن کی عملی تعبیر ہے

بقیہ 41

مورخہ 04 جولائی 2024 کو کالعدم قرار دیتے ہوئے چار پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کا حکم جاری کر دیا اور اس سلسلے میں الیکشن کمیشن آف پاکستان کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ الیکشن قوانین اور رولز کے مطابق چار پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ صاف وشفاف الیکشن کروائے جائیں۔

بقیہ 42

چیئرمین جسٹس محمد علی مظہر نے کی، وفد میں سپریم کورٹ کے انفارمیشن ٹیکنالوجی سیکشن کے افسران شامل تھے۔ پاکستانی وفد نے سپریم پیپلز کورٹ آف چین کے سینئر حکام سے اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کیں، وفد نے جسٹس لیو گوئی شیانگ، ڈائریکٹر ڈوان نونگ کین، ہی فان اور چن چی وی سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا، چینی حکام نے ٹیکنالوجی پر مبنی عدالتی نظام، مقدمات کے انتظام اور عدالتی نظم ونسق کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔وفد نے فاکسن ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کمپنی اور پبلشنگ ہاؤس کے حکام سے بھی ملاقاتیں کیں، جبکہ لیگل انفارمیشن انٹیلیجنٹ اچیومنٹ پریزنٹیشن ہال اور ڈیجیٹل کورٹ لیبارٹری کا دورہ کیا، بیجنگ انٹرنیٹ کورٹ اور شی چینگ ڈسٹرکٹ کورٹ کے لیٹیگیشن سروس ہال کا بھی معائنہ کیا۔

بقیہ 43

کوچ ارباب شاکر و دیگر عہدیداران سمیت اکیڈمی کے کھلاڑیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان نوجوانوں کو معیاری کھیلوں کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ ہم نے مسلسل کرکٹ اکیڈمی کا دورہ کر کے درپیش مسائل اور موجودہ سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا، جس کے بعد اکیڈمی کی بہتری اور اپ گریڈیشن کا فیصلہ کیا گیا۔ان کے مطابق اکیڈمی میں پہلے صرف دو کرکٹ پچز موجود تھیں جن کی تعداد بڑھا کر اب دس کر دی گئی ہے، جبکہ تمام پچز پر اعلیٰ معیار کے نیٹس بھی نصب کر دیے گئے ہیں۔اس کے علاوہ ڈریسنگ رومز اور واش رومز کی مکمل تزئین و آرائش کے ساتھ انہیں فعال بنایا گیا ہے، فرش پر ٹف ٹائلز لگائی گئی ہیں

بقیہ 44

ملاقات کے اہم نکات درج ذیل ہیں: وفد نے ضلع میں تیزی سے پھیلنے والی مضر صحت اور فصلوں کو نقصان پہنچانے والی جڑی بوٹی پارتھینیم رگا جر بوٹی سمیت دیگر جڑی بوٹیوں کے خطرات سے آگاہ کیا۔اس موقع پر زرعی زمینوں کو بچانے کیلئے فوری اور مؤثر سپرے مہم چلانے کا مطالبہ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ حالیہ بارشوں کے باعث کسانوں کی تیار فصلوں اور باغات کو پہنچنے والے شدید نقصانات پر بات چیت کرتے ہوئے تفصیلات سے آگاہ کیا اور اس کے علاوہ متاثرہ زمینداروں کی بحالی اور امداد کا معاملہ بھی زیر غور لایا گیا۔وفد نے ضلع موسیٰ خیل میں قدرتی ماحول کو زیتون (Olive) کی کاشت کیلئے سازگار قرار دیتے ہوئے اس کے معاشی اور زرعی فوائد پر تفصیلی گفتگو کی گئی، تاکہ مقامی کسانوں کو زیتون کی کاشت کی طرف راغب کیا جاسکے۔

بقیہ 45

میں سے 12 ملازمین نے شرکت کی، جبکہ دو ملازمین بغیر اطلاع غیر حاضر رہے۔ڈویژنل ڈائریکٹر عالم لوون نے اس غیر ذمہ دارانہ رویے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے دونوں غیر حاضر ملازمین کو فوری طور پر سخت شوکاز نوٹس جاری کرنے کے احکامات دیے۔ انہوں نے خصوصاً لورالائی سے تعلق رکھنے والے سوشل ورکر کی اجلاس میں عدم شرکت کو انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ محکمانہ فرائض میں غفلت، غیر حاضری اور نظم وضبط کی خلاف ورزی کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔اجلاس کے دوران ٹی اینڈ آر سنٹر کی انتظامیہ نے ڈویژنل ڈائریکٹر کو ادارے کو درپیش مختلف انتظامی، تکنیکی اور مالی مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔بتایا گیا کہ سنٹر کو محدود مالی وسائل، بعض بنیادی سہولیات کی کمی اور چند ملازمین کی جانب سے انتظامیہ کے ساتھ عدم تعاون جیسے مسائل کا سامنا ہے، جس کے باعث عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی متاثر ہو رہی ہے۔انتظامیہ نے ان مسائل کے حل کے لیے محکمانہ سطح پر فوری اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

ڈویژنل ڈائریکٹر عالم لوون نے تمام امور کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد عملے کو ہدایت کی کہ وہ اپنی روزانہ حاضری ہر صورت یقینی بنائیں، وقت کی پابندی کو اپنی اولین ذمہ داری سمجھیں اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔انہوں نے یو سی ڈی (UCD) سنٹر کو فعال بنانے، فلاحی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے اور محکمانہ کارکردگی میں نمایاں بہتری لانے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانے کی بھی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ سوشل ویلفیئر کا محکمہ معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کی خدمت کے لیے قائم کیا گیا ہے، اس لیے ہر ملازم پر لازم ہے کہ وہ پوری دیانت داری، ذمہ داری اور احساسِ فرض کے ساتھ اپنی خدمات انجام دے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ٹی اینڈ آر سنٹر لورالائی کو درپیش تمام جائز مسائل کے حل کے لیے وہ اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون، رہنمائی اور سرپرستی فراہم کریں گے تاکہ ادارے کی کارکردگی مزید بہتر بنائی جاسکے۔اجلاس کے اختتام پر ڈویژنل ڈائریکٹر عالم لوون نے واضح الفاظ میں کہا کہ محکمانہ نظم وضبط، حاضری اور عوامی خدمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ادارے کی بہتری، عوام کی فلاح و بہبود اور محکمہ سوشل ویلفیئر کی ساکھ کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مستقبل میں بھی کارکردگی، حاضری اور نظم وضبط کی باقاعدہ نگرانی جاری رہے گی اور غفلت یا لاپرواہی کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف قانون اور قواعد کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 46

انہوں نے کہا کہ مادرملت نے بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی رفیق کار اور ہم سفر بن کر تحریک پاکستان کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔قیام پاکستان کے بعد بھی انہوں نے اصول پسندی، دیانت داری، قومی یکجہتی اور عوامی خدمت کا جو اعلیٰ معیار قائم کیا، وہ آج بھی پوری قوم کے لیے مشعل راہ ہے۔سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ محترمہ فاطمہ جناحؒ خواتین کے وقار، خودمختاری اور قومی شعور کی علامت تھیں۔ان کی سیاسی بصیرت، جرات مندانہ قیادت اور جمہوریت کے لیے جدوجہد کو تاریخ ہمیشہ سنہری الفاظ میں یاد رکھے گی۔انہوں نے کہا کہ مادرِ ملت کی خدمات صرف ایک شخصیت کی خدمات نہیں بلکہ پاکستان کے استحکام، ترقی اور قومی یکجہتی کی بنیاد ہیں

بقیہ 47

وانتظامی یونٹس میں تقسیم کرنے کی بڑی تجویز پیش کردی۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے اہم بیان میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی کی جانب سے انتظامی اصلاحات پر کی گئی باتیں انتہائی غور طلب اور وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی بڑھتی آبادی اور انتظامی ضروریات کے پیش نظر اب چاروں صوبوں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو 'نارتھ'، 'سینٹرل' اور 'ساتھ' کے نام سے تین تین حصوں میں تقسیم کردینا چاہیے۔صدر آئی پی پی کا کہنا تھا کہ اس جغرافیائی و انتظامی فریم ورک کی بدولت کسی بھی صوبے کا نام تبدیل کرنے کی ضرورت پیش آئے گی اور نہ ہی علاقوں کی تاریخی یا ثقافتی شناخت متاثر ہوگی بلکہ تمام خطوں کی ثقافتی پہچان مکمل طور پر برقرار رہے گی۔انہوں نے نشاندہی کی کہ موجودہ نظام کے تحت عام شہریوں کو اپنے بنیادی مسائل اور چھوٹے کاموں کیلئے بھی سینکڑوں کلومیٹر کا طویل ودشوار سفر طے کرکے صوبائی دارالحکومتوں کا رخ کرنا پڑتا ہے

بقیہ 48

دورے کے دوران انہوں نے عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سائٹ، ایم این سی ایچ سینٹر، ادویات کے دستیاب ذخیرے، طبی آلات، مریضوں کے اندراج، صفائی کی صورتحال اور دیگر انتظامی وطبی ریکارڈ کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔انہوں نے صحت مرکز میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں سے بھی ملاقات کی اور انہیں دستیاب علاج معالجے کی سہولیات اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر ڈاکٹر مرشد دشتی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بنیادی صحت کے نظام کو مؤثر، شفاف اور عوام دوست بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں

بقیہ 49

صحت (بی ایچ یو) ہبرشور کا تفصیلی دورہ کیا۔دورے کے دوران ڈاکٹر یاسر طاہر نے صحت مراکز میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کے ذخیرے، طبی آلات، عملے کی حاضری، او پی ڈی ریکارڈ، صفائی کی صورتحال اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے مریضوں اور مقامی افراد سے بھی ملاقات کی اور انہیں درپیش مسائل معلوم کرتے ہوئے ان کے بروقت اور مؤثر حل کیلئے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے طبی عملے پر زور دیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں، مریضوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور سرکاری اوقات کار کے دوران عوام کو بلاتعطل معیاری طبی سہولیات فراہم کریں۔انہوں نے واضح کیا کہ طبی مراکز میں ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور علاج معالجے کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

بقیہ 50

کے حصول کیلئے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے کیس بل کی درستگی جلد کی جائیں۔احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے کیس بل کی درستگی کر دی جس سے درخواست گزار کو 38515 روپے کا ریلیف فراہم ہوا۔اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 51

پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی سفارتی ذمہ داریوں کے دوران پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کے فروغ کیلئے ان کی مخلصانہ کاوشوں کو سراہا۔وزیراعظم نے سیاسی، تجارتی، اقتصادی، دفاعی، ثقافتی اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ بالخصوص دونوں ممالک کے درمیان براہ راست پروازوں کے آغاز میں ان کی خدمات کو قابل تحسین قرار دیا۔وزیراعظم نے آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے گزشتہ اڑھائی برس کے دوران آذربائیجان کے اپنے متعدد دوروں اور جولائی 2024 میں صدر الہام علیوف کے پاکستان کے دورے کو خوشگوار یادوں کو تازہ کیا۔

بقیہ 52

2026 (بروز پیر) سے سکول میں باقاعدہ تدریسی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز ہوگا۔انہوں نے تمام والدین اور سرپرستوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پہلے ہی دن سے بروقت سکول بھیجنے کو یقینی بنائیں تاکہ ان کا قیمتی تعلیمی وقت ضائع نہ ہو اور وہ اپنے نصاب و اسباق میں کسی قسم کی کمی یا تاخیر کا شکار نہ ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور والدین، اساتذہ اور طلبہ کے باہمی تعاون سے ہی بہترین تعلیمی نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔لہٰذا تمام والدین سے گزارش ہے کہ بچوں کی حاضری، نظم وضبط اور تعلیم پر خصوصی توجہ دیں تاکہ وہ اپنے روشن مستقبل کی جانب کامیابی سے گامزن رہ سکیں۔

بقیہ 53

، ملک محمد حسین بنگلزئی، ظفر خان رند، حبیب اللہ لانگو، سید منظور شاہ، فضل محمد یوسفزئی، انجینئر نجیب اللہ مری اور گر دیگر رہنماؤں نے سورینج کے کوئلہ کان میں گیس بھرنے کے باعث ہونے والے ہولناک دھماکے میں 34 سے زائد محنت کش مزدوروں کی شہادت پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ کان کن مزدور انتہائی دشوار اور خطرناک حالات میں اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے کیلئے کام کرتے ہیں، مگر افسوس کہ کوئلہ کانوں میں حفاظتی انتظامات کی عدم موجودگی کے باعث آئے روز قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے سانحات کی روک تھام حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔رہنماؤں نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ حادثے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، غفلت کے مرتکب عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، شہداء کے ورثاء کو فوری اور مناسب مالی امداد، مستقل روزگار اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں جبکہ زخمی مزدوروں کو بہترین طبی سہولیات مہیا کی جائیں۔

بقیہ 54

گہرے دکھ اور افسوس کی لہر دوڑ گئی۔تعزیتی بیانات میں مقررین نے کہا کہ مرحوم ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی ایک نہایت نیک دل، ملنسار، خوش اخلاق اور باوقار شخصیت کے مالک تھے، جنہوں نے پوری زندگی انسانیت کی خدمت، بھائی چارے، محبت، رواداری اور باہمی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں۔وہ پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران غریب، نادار اور مستحق مریضوں کے ساتھ انتہائی شفقت، ہمدردی اور خندہ پیشانی سے پیش آتے تھے، جس کی وجہ سے انہیں عوام میں بے حد عزت واحترام حاصل تھا۔سیاسی، سماجی اور عوامی رہنماؤں نے اپنے تعزیتی پیغامات میں کہا کہ ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی کی وفات گنداخہ اور گردونواح کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان اور عظیم سانحہ ہے۔ان کی علمی، سماجی اور فلاحی خدمات کو ہمیشہ قدر واحترام کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا، جبکہ ان کا اخلاق، کردار اور انسان دوستی آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ رہے گی

بقیہ 55

ٹریننگ کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔پاسنگ آؤٹ پریڈ میں بلوچستان پولیس کے 284 اہلکار جن میں 3 لیڈی کانسٹیبل شامل ہیں انہوں نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے جوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار ڈسٹرکٹ پولیس کی تین خواتین اہلکاروں نے رضاکارانہ طور پر انسداد دہشت گردی کورس میں مردوں کے شانہ بشانہ تربیت حاصل کی قوم کی یہ بیٹیاں ہمارے لئے قابل فخر ہیں۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے پاکستان بالخصوص بلوچستان دہشت گردی کا شکار رہا ہے، آئی جی پولیس نے کہا کہ انسدادِ دہشت گردی کی پیشہ ورانہ تربیت میں اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول بنیادی اور مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی روک تھام کے دوران بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بلوچستان پولیس کو ہر سطح پر بھرپور اور مکمل معاونت حاصل ہے

بقیہ 56

جروار، فاروق احمد مری و دیگر بھی ساتھ تھے۔

بقیہ 57

بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید رونجھ، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی وندر عبدالبصیر خان مندوخیل اور سیکرٹری عنایت اللہ راٹھوڑ کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ مختلف سرکاری اسکولوں میں تعطیلات کے دوران جمع ہونے والے درختوں کے سوکھے پتوں، شاخوں، گھاس پھوس اور دیگر کچرے کو اٹھانے کے ساتھ ساتھ اسکولوں کے احاطوں داخلی راستوں اور اطراف کی صفائی ستھرائی میں مصروف ہے تاکہ طلبہ وطالبات اور اساتذہ کو نئے تعلیمی سال کے آغاز پر صاف ستھرا، صحت مند اور خوشگوار تعلیمی ماحول میسر آ سکے۔اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید رونجھ، چیف آفیسر عبدالبصیر خان مندوخیل اور سیکرٹری عنایت اللہ راٹھوڑ کا کہنا ہے کہ میونسپل کمیٹی وندر ہر سال سرکاری اسکولوں کے کھلنے سے قبل خصوصی صفائی مہم کا انعقاد کرتی ہے۔

بقیہ 58

34 قیمتی جانیں ضائع ہونے کے واقعے پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ حادثہ صوبے کی کوئلہ کانوں میں پہلا واقعہ نہیں ہے اس سے پیشتر بھی کوئلہ کانوں کے حادثات میں ہزاروں کانکن جام شہادت نوش کر چکے ہیں لیکن ان حادثات کی روک تھام کیلئے حکومتی دعوے زبانی جمع خرچ تک محدود ہیں مائنز سے تعلق رکھنے والے افسران نے بھی سنجیدگی سے مزدوروں کی سیفٹی کو اولیت نہیں دی، آج تک ان واقعات کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں نہیں لایا گیا اور نہ ہی غفلت کے مرتکب حکومتی عہدیداروں کو ان واقعات میں ملازمتوں سے فارغ کیا گیا کہ معاشرے میں احساس ذمہ داری کو پروان چڑھایا جاسکے۔

بقیہ 59

باعث پیش آنے والے المناک حادثے اور اس کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر انتہائی دکھ، افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا ہے کہ یہ افسوسناک سانحہ نہ صرف متاثرہ خاندانوں بلکہ پورے صوبے کے عوام کیلئے ایک عظیم انسانی المیہ ہے، جس نے ہر باشعور انسان کو غمزدہ کر دیا ہے۔پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے جاں بحق ہونے والے مزدوروں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی اس کرب اور آزمائش کی گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔ پارٹی قیادت نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ شہداءؒ کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے، زخمیوں کو جلد اور مکمل صحت یابی نصیب فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔بیان میں مزید کہا گیا کہ صوبے کی کوئلہ کانوں میں بار بار پیش آنے والے المناک حادثات اس حقیقت کا واضح ثبوت ہیں کہ کان کنوں کی جانوں کے تحفظ کیلئے مقررہ حفاظتی اصولوں اور بین الاقوامی مائننگ سیفٹی معیارات پر مؤثر انداز میں عمل درآمد نہیں ہو رہا۔

بقیہ 60

نولس کے لوگوں کے آباد گھروں، چلتے کاروبار، دکانوں، ہوٹلوں، پیٹرول پمپس، چیکو کے باغات، کپاس کی کھڑی فصلوں اور دیگر املاک پر بلڈوزر چلا کر اربوں روپے کا نقصان پہنچایا گیا ہے جبکہ معاوضہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے برابر سنائی دیتا ہے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ پٹواریوں کے مقرر کردہ ریٹس کسی صورت قابل قبول نہیں اور انہیں ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔متاثرین نے کہا کہ انہیں آج تک یہ بھی معلوم نہیں کہ ان کے نقصانات کا تخمینہ کیا لگایا گیا ہے اور کتنا معاوضہ دیا جائے گا۔حالانکہ پہلے اراضی، عمارتوں، زرعی باغات، فصلوں اور کمرشل املاک کی مکمل قیمت کا تعین ہونا چاہیے تھا۔انہوں نے کہا کہ زرعی اراضی کے درمیان سے سڑک نکالنے کے باعث باغات اور زمینیں دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہیں ٹیوب ویل ایک جانب جبکہ قابل کاشت زمین دوسری جانب رہ گئی ہے جس کے باعث آبپاشی متاثر ہونے سے باقی ماندہ فصلیں بھی مٹی، دھول اور پانی کی عدم دستیابی کے باعث تباہ ہوگئی ہیں

بقیہ 61

اعتراف جرم کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ حضرت مولانا فضل الرحمن گزشتہ دو برس سے مسلسل قوم کو متنبہ کرتے آرہے ہیں کہ ہائبرڈ نظام ملک کو سیاسی، آئینی، معاشی اور انتظامی بحرانوں کی طرف دھکیل رہا ہے، اور آج حکومتی شخصیات کے بیانات نے جمعیت علما اسلام کے اس مؤقف کی مکمل تائید کر دی ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ نظام کی خرابی، کمزوری اور ناکامی کسی سے پوشیدہ نہیں، ملک کا بچہ بچہ اس حقیقت سے آگاہ ہے، جبکہ وفاقی وزیر کا اپنی ہی حکومت اور نظام کے خلاف اس نوعیت کا بیان پوری حکومتی کارکردگی پر ایک چارج شیٹ اور اہل اقتدار کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔

بقیہ 62

نے پاکستان کیلئے ہفتے میں 5 براہ راست پروازیں شروع کرنے کی منظوری کے سلسلے میں رابطہ کیا ہے۔محمد سلیم یہ بات کینیڈا کی پاکستانی نژاد رکن پارلیمنٹ اقرا خالد کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تقریب میں پاکستانی نژاد ارکان پارلیمنٹ اسلم رانا اور سمیر زبیری، قونصل جنرل خلیل باجوہ، ڈپٹی قونصل جنرل محمد حسن اور لبرل پارٹی کے صوبائی صدر قیصر ڈار بھی شریک تھے۔ہائی کمشنر نے کہا کہ آئندہ سال پاکستان کے اعلیٰ سطح کے وفود کینیڈا کا دورہ کریں گے جن میں نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی شامل ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ کینیڈا میں پاکستانی ٹیکسٹائل، چمڑے اور دیگر مصنوعات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

بقیہ 63

نے عوامی مسائل کے فوری تدارک کے لیے اقدامات کرتے ہوئے نالے کی صفائی اور نکاسی آب کی بحالی کا کام شروع کر دیا۔تفصیلات کے مطابق چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید رونجھ، چیف آفیسر عبدالبصیر خان مندوخیل کی ہدایت پر سیکرٹری میونسپل کمیٹی وندر عنایت اللہ راٹھوڑ کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ نالے کی صفائی، مٹی، کچرے، جھاڑیوں اور دیگر رکاوٹوں کو ہٹانے میں مصروف ہے تاکہ سیوریج کے پانی کی روانی بحال ہوسکے اور مختلف گلیوں اور محلوں میں گندے پانی کے جمع ہونے سے پیدا ہونے والی مشکلات کا خاتمہ ممکن بنایا جاسکے

بقیہ 64

پی ہائی وے خاوند بخش کھوسہ، ڈی ایس پی سٹی محمد عثمان سولنگی، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر نثار احمد بلوچ سمیت پولیس کے سینئر افسران، جوانوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر پولیس کے چاک وچوبند دستے نے شہید کو سلامی پیش کی، جبکہ وطن کے اس بہادر سپوت کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔نماز جنازہ کے بعد شہید کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی خصوصی دعائیں کی گئیں۔شہید کانسٹیبل محمد رفیق سیال کی فرض شناسی، جرات اور محکمہ پولیس کے لیے انجام دی گئی

بقیہ 65

اسکول کوہ سر میں اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق علی کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔کھلی کچہری میں اکثرا بریگیڈ کے نمائندے، چیئرمین میونسپل کمیٹی جیوانی اکرم حیات، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس جیوانی زاہد حسین، پولیس، صحت، کیسکو، ریونیو، میونسپل کمیٹی اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندگان کے علاوہ عوامی نمائندوں، کونسلرز، چیئرمین حضرات، سیاسی و سماجی شخصیات اور مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق علی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایات کے مطابق عوام کو فوری، شفاف اور مؤثر خدمات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 66

افسوسناک حادثے کے فوراً بعد جائے وقوعہ پر پہنچ کر امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا۔الخدمت کی ٹیم ایمبولینس کے ہمراہ تاحال شہداء کی تلاش و نکالنے، زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے اور انہیں ہسپتال منتقل کرنے کے عمل میں متعلقہ اداروں کے ساتھ بھرپور انداز میں مصروف عمل ہے۔ نیشنل لیبر فیڈریشن بلوچستان کے صدر ارشد خان یوسفزئی بھی ان کے ہمراہ تھے۔انہوں نے بڑی تعداد میں قیمتی انسانی جانوں کی رحلت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سربازی نے کہا کہ دکھ، آزمائش اور مصیبت کی ہر گھڑی میں انسانیت کی خدمت الخدمت فاؤنڈیشن کی اولین ترجیح اور دینی وسماجی ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے نواحی علاقے اسپین کاریز میں جاری ریسکیو آپریشن کے دوران الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کی تربیت یافتہ ریسکیو ٹیم جائے حادثہ پر موجود ہے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہوئے امدادی سرگرمیوں میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے

بقیہ 67

ہے۔انہوں نے کہا کہ جب سے حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے اپنی سیاسی جماعت قائم کی، والمیکی برادری نے ہر جلسے، عوامی اجتماع، انتخابی مہم اور دیگر سیاسی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔برادری کے افراد نے ہمیشہ پارٹی کے منشور اور قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا اور اپنی استطاعت کے مطابق ہر ممکن تعاون فراہم کیا، لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ آج بھی برادری خود کو مختلف معاملات میں نظرانداز ہوتا ہوا محسوس کر رہی ہے۔چودھری کاشف پرکاش نے کہا کہ برادری کے متعدد تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگار ہیں اور روزگار کے مواقع کے منتظر ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ سرکاری ملازمتوں، ترقیاتی منصوبوں، فلاحی پروگراموں اور دیگر مواقع پر والمیکی برادری کو مناسب نمائندگی نہیں مل رہی، جس کی وجہ سے برادری میں مایوسی اور بے چینی پائی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ والمیکی برادری نے ہمیشہ وفاداری، خلوص اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے، اس لیے اب وقت آ گیا ہے کہ ان کی خدمات کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں بھی ترقی کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں

بقیہ 68

خوشحالی، جدید شہری سہولیات اور پائیدار ترقی پر مرکوز ہے۔ان کی قیادت میں عوامی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبوں پر توجہ دی جا رہی ہے، جن میں صاف پانی کی فراہمی، سڑکوں کی بہتری، صفائی ستھرائی کے نظام کی مضبوطی، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور دیگر بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی شامل ہیں۔شہریوں کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر جاوید جمالی اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ کسی بھی علاقے کی حقیقی ترقی کا معیار عوام کو بنیادی سہولیات کی بروقت فراہمی اور ان کے مسائل کے فوری حل میں مضمر ہے

بقیہ 69

تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کا معاشی قتل عام فوری طور پر بند کیا جائے۔صوبے کی اہم قومی شاہراہوں پر تجارتی سامان سے لدی گاڑیوں کی مسلسل لوٹ مار، انہیں نذرِ آتش کیے جانے اور امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال نے کاروباری طبقے کو شدید مالی و معاشی بحران سے دوچار کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بارڈر کراسنگ پوائنٹس کی مسلسل بندش تجارتی سرگرمیوں میں تعطل اور شاہراہوں پر عدم تحفظ کے باعث تاجر برادری اور ٹرانسپورٹرز پہلے ہی سخت مشکلات کا شکار ہیں جبکہ حالیہ افسوسناک واقعات نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔اس صورتحال سے صرف تاجر ہی متاثر نہیں ہو رہے بلکہ قومی شاہراہوں کے اطراف واقع پیٹرول پمپ مالکان، ہوٹلوں، ورکشاپس، چھوٹے کاروباروں اور ہزاروں خاندانوں کا روزگار بھی بری طرح متاثر ہو رہا ہے

بقیہ 70

، رئیس پنہل خان جمالی اور دیگر آبادگاروں نے کی۔اس موقع پر مظاہرین نے محکمہ ایریگیشن کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ بااثر علاقوں کو ضرورت سے زیادہ پانی فراہم کیا جا رہا ہے جبکہ نیل کے آبادگار کئی ہفتوں سے پانی کی ایک ایک بوند کو ترس رہے ہیں۔مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ اگست کا مہینہ شروع ہونے والا ہے لیکن قبو شاخ کے آخری سروں تک پانی نہ پہنچنے کے باعث سینکڑوں ایکڑ پر مشتمل چاول کی فصل اور نپیری شدید متاثر ہو رہی ہے، اگر فوری طور پر پانی فراہم نہ کیا گیا تو تیار فصلیں مکمل طور پر تباہ ہو جائیں گی، جس سے کسانوں کو کروڑوں روپے کے معاشی نقصان کا سامنا کرنا پڑے

سورینج میں کول مائنز میں گیس کے باعث دم گھٹنے سے جان بحق ہونے والے مزدوروں کی نعشیں نکالنے کے لئے لوگ امدادی کام میں مصروف ہیں

تربت یونیورسٹی اور انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان میں پانی کے بحران پر قابو پانا، زراعت، لائیوسٹاک اور چراگاہوں کی صورتحال کو بہتر بنانا ہے

تربت(خ ن) تربت یونیورسٹی اور انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط، اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک وزراعت کے تعاون سے بلوچستان میں آبی وسائل کی بحالی اور چراگاہوں کی ترقی کیلئے مشترکہ کوششوں کا عزم یونیورسٹی آف تربت اور بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے مابین ریواول آف بلوچستان واٹر (بقیہ 37 صفحہ 3پر)

چاغی میں محکمہ کسٹم نے اربوں روپے مالیت کا ضبط شدہ غیر قانونی سامان نذرِ آتش کردیا

کوئٹہ+ چاغی (این این آئی) چاغی میں محکمہ کسٹم نے اربوں روپے مالیت کا ضبط شدہ غیر قانونی سامان نذر آتش کردیا بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں کسٹمز حکام نے گزشتہ چار سے پانچ برس کے دوران (بقیہ 38 صفحہ 3پر)

خوراک اور ضروری اشیائے خورونوش کی دستیابی کے تحفظ کو یقینی بنایا جائیگا، شکیل قادر

صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے، مارکیٹ میں منصفانہ رویہ یقینی بنانے اور ذخیرہ اندوزی ومنافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کیلئے اس قانونی اصلاحات کے نفاذ کی خواہاں ہے

مارکیٹ میں منصفانہ رویہ یقینی بنانے اور ذخیرہ اندوزی ومنافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کیلئے اس قانونی اصلاحات کے نفاذ کی خواہاں ہے' چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت بلوچستان پرائس کنٹرول اور منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام ایکٹ 2026 کے سلسلے میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی حکومت نے صوبے میں قیمتوں کے استحکام، ناجائز منافع خوری کی روک تھام اور عوامی مفادات کے تحفظ کیلئے ایک جامع قانونی مسودہ "بلوچستان پرائس کنٹرول اینڈ پریوینشن آف منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی (بقیہ 34 صفحہ 3پر)

ژوب' پانی میں ڈوب کر دو بچے جاں بحق

ژوب(این این آئی) ژوب کے علاقے میں پانی میں ڈوب کر دو بچے جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو ژوب کے علاقے۔ کاکڑ خراسان میں تعمیراتی کمپنی کے کھودے گئے گڑھے کی برساتی پانی میں نہاتے ہوئے دو بچے ڈوب کر جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام نے دونوں بچوں کی لاشوں کو گڑھے سے نکال کر ورثاء کے حوالے کردیا۔ مزید کارروائی جاری ہے

عملے کی حاضری اور علاج معالجے کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا' ڈاکٹر یاسر طاہر

عوام کو بہتر، بروقت اور معیاری طبی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے نگرانی کا سلسلہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھا جائے گا

گوادر/پسنی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن کے مطابق ہر شہری کو اس کی دہلیز پر معیاری اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ صحت گوادر اپنی سرگرمیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے پاک عمان ہسپتال پسنی، سول ڈسپنسری ریک پشت اور بنیادی مرکز (بقیہ 49 صفحہ 3پر)

ڈیرہ مراد جمالی پولیس کی سندھ مین کارروائی قاتلانہ حملے میں دو ملزمان کو گرفتار کرکے ڈیرہ مراد جمالی منتقل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی پولیس کی سندھ مین کارروائی قاتلانہ حملے میں دو ملزمان کو گرفتار کرکے ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں ایک ماہ قبل شرقی ریلوے ایریا میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ثناء اللہ بھٹو کو فائرنگ کرکے شدید زخمی کردیا تھا اور فرار ہوگئے تھے ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس اور سی آئی اے پولیس نے سندھ کے علاقے رتو ڈیرو کے قریب ایک گاؤں پر چھاپہ مار کر دو ملزمان بشیر احمد بھٹو اور امداد بھٹو کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ، ایم ڈی واسا مجیب الرحمٰن کاکڑ، اپیکا کے ضلعی صدر رحمت اللہ زہری، سردار محمد کاکڑ اور دیگر واسا ہیڈ آفس میں اپیکا واسا یونٹ کے دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو گیس کے بل میں 38515 روپے کا ریلیف فراہم کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) درخواست گزار محمد رسول نے بتایا کہ انہیں گیس آفس (Ssgcl) کی جانب سے غیر منصفانہ طور پر 38515 روپے کا بل موصول ہوا۔ جس کی درستگی کیلئے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رجوع کیا لیکن ان کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ لہٰذا، انصاف (بقیہ 50 صفحہ 3پر)

محمد صادق عمرانی سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ کمپنی کے وفد کی ملاقات

وزیراعلیٰ سے ملاقات سمیت ان کے تمام جائز مسائل کے حل کیلئے ہرممکن اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے جمعرات کے روز ان کے دفتر میں آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ کمپنی کے وفد نے چیئرمین میر نواب خان مینگل کی سربراہی میں ملاقات کی۔ وفد میں بلوچستان پرچون گڈز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی محمد فاروق اور دیگر رہنما بھی شامل تھے۔ وفد نے صوبائی وزیر کو صوبے بھر میں کشیدہ حالات کے باعث ٹرانسپورٹ گاڑیوں کو پہنچنے والے نقصانات سے آگاہ کیا۔

وزیراعظم سے آذربائیجان کے سفیر کی الوداعی ملاقات، خضر فرہادوف کی خدمات کو سراہا

شہباز شریف کا آذربائیجان کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے آذربائیجان کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے پاکستان کے غیرمتزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے جمعہ کو یہاں پاکستان میں جمہوریہ آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے الوداعی ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی اس موقع (بقیہ 51 صفحہ 3پر)

موسم گرما کی مختصر تعطیلات کے بعد تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز 3 اگست 2026 سے ہوگا۔ اعلامیہ

چمن (نامہ نگار) ہیڈ ٹیچر گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ عربیہ بحرالعلوم جامع مسجد نور محلہ شیخ الحدیث حضرت مولانا فتح محمد چمنی رحمہ اللہ گھوڑا ہسپتال روڈ چمن نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسم گرما کی مختصر تعطیلات کے بعد ان شاء اللہ 3 اگست (بقیہ 52 صفحہ 3پر)

سانحہ زیارت کے شہداء کے لواحقین محمد نسیم خان، ڈاکٹر عبدالصمد پانیزئی، محمد قسیم خان کاکڑ، شیر محمد دمڑ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

34 سے زائد مزدوروں کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے، بلوچستان لیبر فیڈریشن

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جتک، عارف خان نیچاری، دین محمد حسنی، ملک وحید کاسی (بقیہ 53 صفحہ 3پر)

ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی طویل علالت کے بعد حیدرآباد میں انتقال کرگئے

گنداخہ (نامہ نگار) معروف قبائلی، سماجی شخصیت اور محکمہ صحت کے ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی طویل علالت کے بعد آج حیدرآباد میں انتقال کر گئے۔ ان کی وفات کی خبرسن کر سیاسی، سماجی، قبائلی اور عوامی حلقوں میں (بقیہ 54 صفحہ 3پر)

پولیس شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی' محمد طاہر

پولیس قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مشترکہ طور پر ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ بلوچستان پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مشترکہ طور پر ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے۔ پولیس شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ قومی سلامتی اور امن وامان کے قیام کیلئے بلوچستان پولیس اپنا اہم کردار ادا کرتی رہی گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے ٹی ایف ٹریننگ اسکول کوئٹہ میں 20 ویں بیسک (بقیہ 55 صفحہ 3پر)

سردار امیر بخش بھٹو سے چچا نوابزادہ عاشق علی بھٹو کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری

جے یو آئی صوبا سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے اپنے وفود کے ہمراہ میرپور بھٹو پہنچ کر فاتحہ خوانی کرکے تعزیت کی

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) سابقہ ایم پی اے سردار امیر بخش بھٹو سے چچا نوابزادہ عاشق علی بھٹو کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری، جے یو آئی صوبا سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے اپنے وفود کے ہمراہ میرپور بھٹو پہنچ کر فاتحہ خوانی کرکے تعزیت کی اور مرحوم کی مغفرت، بلند درجات کے لیے دعا کی۔ اس موقعہ پر مولانا محمد صالح انڈر، حافظ عبدالحمید مہر، مولانا محبت کھوڑو، مولانا خالد کوریجو، حافظ ابوبکر کوریجو، کریم بخش جروار، حافظ جمیل (بقیہ 56 صفحہ 3پر)

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کا کوئلہ کان حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلہ کان میں گیس بھر جانے کے (بقیہ 59 صفحہ 3پر)

معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ صحت گوادر متحرک ہے' یاسر طاہر

صحت کے مراکز کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کیلئے نگرانی اور احتساب کے نظام کو مزید مضبوط کیا جا رہا ہے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ صحت گوادر متحرک ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فاروق بلوچ کے ہمراہ بنیادی مرکز صحت (بی ایچ یو) نگور شریف کا تفصیلی دورہ کیا۔

کوئلہ کان حادثات کی روک تھام کیلئے حکومتی دعوے زبانی جمع خرچ تک محدود ہیں' رمضان اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز کے رہنماؤں محمد رمضان اچکزئی، عبدالحئی، محمد رفیق لہڑی، محمد یوسف کاکڑ، عبدالباقی لہڑی، محمد یار علیزئی اور سید آغا محمد نے ایک مشترکہ اخباری بیان کے ذریعے گزشتہ روز سورینج کے مقام پر کوئلہ کان میں حادثے کی وجہ سے (بقیہ 58 صفحہ 3پر)

وندر کے مختلف سرکاری اسکولوں میں خصوصی صفائی مہم کا آغاز کر دیا

تعلیمی اداروں کی صفائی اور خوبصورتی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے' امام بخش برہ

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) سرکاری اسکولوں کی موسم گرما کی تعطیلات کے اختتام اور نئے تعلیمی سیشن کے آغاز کے موقع پر میونسپل کمیٹی وندر نے تعلیم دوستی، عوامی خدمت اور تعلیمی اداروں سے اپنی وابستگی کی شاندار مثال قائم کرتے ہوئے وندر کے مختلف سرکاری اسکولوں میں خصوصی صفائی مہم کا آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام (بقیہ 57 صفحہ 3پر)

وندر، نئے تعلیمی سیشن سے قبل میونسپل کمیٹی وندر کا عملہ مختلف سرکاری اسکولوں میں خصوصی صفائی مہم کے دوران صفائی ستھرائی میں مصروف ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان کا ڈیرہ بگٹی کے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں بلڈ بینک کے مکمل طور پر فعال ہونے کا اعلان

عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ایسے منصوبے حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈیرہ بگٹی کے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں بلڈ بینک کے مکمل طور پر فعال ہونے کا اعلان کرتے ہوئے اسے ضلع کے عوام کیلئے صحت کے شعبے میں ایک اہم سنگِ میل قرار دیا ہے۔ بلڈ بینک کے فعال ہونے سے مریضوں کو بروقت، محفوظ اور معیاری خون کی فراہمی ممکن ہو سکے گی، جس سے قیمتی انسانی جانیں بچانے میں مدد ملے گی اور ہنگامی طبی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے پیغام میں کہا کہ "الحمدللہ! عوامِ ڈیرہ بگٹی کیلئے ایک اور اہم سنگِ میل عبور کرلیا گیا۔ (بقیہ 40 صفحہ 3پر)

موسیٰ خیل' 14 اگست یوم آزادی اور یومِ استحصال کشمیر کے حوالے سے انتظامی اجلاس

سرکاری عمارتوں پر چراغاں، قومی پرچموں کی آویزیش اور ضلعی سطح پر پروقار تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجک کی زیرصدارت 14 اگست یوم آزادی اور یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ایک اہم انتظامی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ضلعی انتظامیہ اور تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے شرکت کی جس میں دونوں قومی ایام کو انتہائی شایانِ شان، جوش و جذبے اور منظم طریقے سے منانے کیلئے حتمی فیصلوں پر غور کیا گیا اجلاس (بقیہ 39 صفحہ 3پر)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے ہوٹل میں ڈپٹی چیئرمین کے کوارڈی نیٹرز جہانگیر خروٹی، سمیرا خان اور دیگر ملاقات کررہے ہیں

ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عالم لوون کا ٹی اینڈ آر سنٹر لورالائی کا دورہ

غیر حاضر ملازمین کے خلاف کارروائی، ادارے کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر لورالائی ڈویژن عالم لوون نے سوشل ویلفیئر ٹی اینڈ آر (Training & Rehabilitation) سنٹر لورالائی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سنٹر کے افسران اور عملے کے ساتھ ایک اہم اور تفصیلی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس کا مقصد سنٹر کی مجموعی کارکردگی، انتظامی معاملات، ملازمین کی حاضری، عوامی خدمات اور ادارے کو درپیش مسائل کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس میں ٹی اینڈ آر سنٹر کے کل 14 (بقیہ 45 صفحہ 3پر)

مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح کی جدوجہد، دیانت اور قومی خدمات ہمیشہ تاریخ کا روشن باب رہیں گی، فیصل جمالی

محترمہ فاطمہ جناحؒ خواتین کے وقار، خودمختاری اور قومی شعور کی علامت تھیں

گنداخہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناحؒ کے 133 ویں یوم پیدائش کے موقع پر انہیں شاندار الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ محترمہ فاطمہ جناحؒ پاکستان کی تاریخ کی ایک عظیم، باوقار اور جمہوریت پسند رہنما تھیں، جنہوں نے قیامِ پاکستان سے لے کر ملک میں جمہوری اقدار، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے ناقابل فراموش کردار ادا کیا۔ اپنے جاری کردہ بیان میں (بقیہ 46 صفحہ 3پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان پرائس کنٹروال اور منافع خوری، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام ایکٹ 2026 کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گنداخہ میں عوامی خدمت اور ترقیاتی منصوبوں کا سفر جاری، ڈاکٹر جاوید جمالی کی کارکردگی کو عوامی حلقوں کا خراج تحسین

عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی وژن نے ڈاکٹر جاوید جمالی کو عوام کا قابلِ اعتماد نمائندہ بنا دیا، شہری و سماجی حلقوں کا اظہارِ خیال

گنداخہ: (نامہ نگار) گنداخہ کے شہریوں، سماجی شخصیات اور مختلف عوامی حلقوں نے میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید جمالی کی عوامی خدمات، ترقیاتی اقدامات اور عوام دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے اپنی دیانت داری، عملی کارکردگی اور خدمتِ خلق کے جذبے سے عوام کے دلوں میں ایک منفرد مقام حاصل کیا ہے، انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر جاوید جمالی کا ترقیاتی وژن صرف گنداخہ شہر تک محدود نہیں بلکہ پوری تحصیل گنداخہ کی (بقیہ 68 صفحہ 3پر)

والمیکی برادری کو نظر انداز نہ کیا جائے' کاشف پرکاش

برادری کے متعدد تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگار ہیں اور روزگار کے مواقع کے منتظر ہیں

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) والمیکی برادری کے رہنما چودھری کاشف پرکاش نے رکن بلوچستان اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل، ضلع چیئرمین اصغر خان، افضل خان اور اجمل سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ والمیکی برادری نے شروع دن سے حاجی محمد خان طور اتمانخیل کی سیاسی جدوجہد میں بھرپور کردار ادا کیا ہے اور ہر مشکل وقت میں ان کے ساتھ کھڑی رہی (بقیہ 67 صفحہ 3پر)

سورینج کوئلہ کان سانحہ قیمتی جانوں کا ضیاع قومی المیہ ہے' عبدالقادر

یہ سانحہ نہ صرف متاثرہ خاندانوں کیلئے ناقابلِ تلافی نقصان ہے بلکہ کانکنی کے شعبے میں حفاظتی اقدامات کی سنگین خامیوں کی بھی نشاندہی کرتا ہے

پرانے اور روایتی طریقوں پر انحصار مزدوروں کی جانوں کو مسلسل خطرات سے دوچار کررہا ہے' چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان کے علاقے سورینج میں کوئلے کی کان میں زہریلی گیس جمع ہونے کے باعث ہونے والے دھماکے اور کان بیٹھ جانے کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سانحہ نہ صرف متاثرہ خاندانوں کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے بلکہ کانکنی کے شعبے میں حفاظتی اقدامات کی سنگین خامیوں کی بھی نشاندہی (بقیہ 36 صفحہ 3پر)

پٹواریوں کے مقرر کردہ ریٹس کسی صورت قابل قبول نہیں' عبدالستار انگاریہ

بائی پاس روڈ کی تعمیر پر کوئی اعتراض نہیں لیکن اس منصوبے نے وندر کی رہائشی، زرعی اور کمرشل اراضی کو شدید متاثر کیا ہے

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) ترقی کے مخالف نہیں ریاست کو ماں سمجھتے ہیں ہم بچوں کا جائز حق دیا جائے۔ بائی پاس روڈ کی تعمیر پر کوئی اعتراض نہیں لیکن اس منصوبے نے وندر کی رہائشی، زرعی اور کمرشل اراضی کو شدید متاثر کیا ہے۔ معروف قبائلی شخصیت وڈیرہ عبدالستار انگاریہ کی قیادت میں وندر پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بغیر کسی پیشگی (بقیہ 60 صفحہ 3پر)

وندر، کاروباری شخصیات زمیندار رہنماء وڈیرہ عبدالستار انگاریہ ودیگر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

موجودہ نظام کی خرابی، کمزوری اور ناکامی کسی سے پوشیدہ نہیں، مولانا عبدالواسع

وفاقی وزیر کا اپنی ہی حکومت اور نظام کے خلاف اس نوعیت کا بیان پوری حکومتی کارکردگی پر ایک چارج شیٹ ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے وفاقی وزیر محسن نقوی کے حالیہ بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہائبرڈ نظام کی ناکامی کا اعتراف اب خود اس کے ذمہ داروں کی زبان سے ہو رہا ہے، لہٰذا محسن نقوی کا بیان دراصل (بقیہ 61 صفحہ 3پر)

پورا بلوچستان قیدخانہ، سارانظام برطانیہ امریکہ کا، ایک لیٹر پٹرول کا قیمت ہم طے نہیں کرسکتے' مولانا ہدایت الرحمٰن

پورا بلوچستان قیدخانہ، سارانظام برطانیہ امریکہ کا، ایک لیٹر پٹرول کا قیمت ہم طے نہیں کرسکتے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ پورا بلوچستان قیدخانہ، سارانظام برطانیہ امریکہ کا، ایک لیٹر پٹرول کا قیمت ہم طے نہیں کرسکتے پھر بھی آزادی کا جشن منارہے ہیں 7 اگست لٹیروں و پٹرول قیمتوں کے ذریعے عوام کو لوٹنے کے خلاف بلوچستان کے شاہراہوں کو بند کریں گے۔ وسائل، نظام، میڈیا، عدلیہ پر زبردستی قابض طبقے سے جمہوری جدوجہد کے ذریعے حقیقی آزادی حاصل کریں گے۔ پہاڑوں پر جانے کی نہیں جمہوری جدوجہد کی ضرورت ہے۔ اسمبلی کے اندر ظالموں، لٹیروں کا گلا دبائیں گے۔

09PB کوہلو کا نوٹیفکیشن مورخہ 04 جولائی 2024 کالعدم قرار، چار پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کا حکم

کوئٹہ (خ ن) جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل الیکشن ٹریبونل نے میر نصیب اللہ خان کی طرف سے دائر کردہ الیکشن پٹیشن نمبر 52/2024 پر فیصلہ سناتے ہوئے PB 09 کوہلو سے کامیاب ہونے والے امیدوار نواب جنگیز خان مری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن (بقیہ 41 صفحہ 3پر)

سپریم کورٹ کے تکنیکی وفد کا چین کا سرکاری دورہ کامیابی سے مکمل

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ کے تکنیکی وفد نے چین کا سرکاری دورہ کامیابی سے مکمل کر لیا۔ سپریم کورٹ کا تکنیکی وفد 26 سے 30 جولائی 2026 تک سپریم پیپلز کورٹ آف چین کے سرکاری دورے پر رہا جس کی قیادت نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کے (بقیہ 42 صفحہ 3پر)

وزیر مواصلات کی تمام صوبوں کو نارتھ، سینٹرل اور ساتھ میں تقسیم کرنے کی تجویز

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات اور استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے ملک میں انتظامی اصلاحات کی پرزور حمایت کرتے ہوئے چاروں صوبوں کو مزید تین تین نئے صوبائی (بقیہ 47 صفحہ 3پر)

پنجگور' ایک شخص کی لاش برآمد

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے علاقے سراوان اور گرمکان کے درمیان نیون کور سے ایک شخص کی لاش برآمد۔ پولیس کے مطابق شناخت سلمان ولد عبدالغنی سکنہ خدابادان کے نام سے ہوئی ہے جسے ضروری کارروائی کے بعد لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس نے واقعہ سے متعلق مزید تحقیقات شروع کردیں۔

ڈیرہ بگٹی' لنجو صفاری میں ایک نوجوان نے مبینہ طور پر خودکشی کرلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے لنجو صفاری میں ایک نوجوان نے مبینہ طور پر خودکشی کرلی پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی پولیس تھانے کی حدود لنجو صفاری میں گنجو بگٹی کے بڑے فرزند نے نا معلوم وجوہات کی بنا پر خود کار اسلحے سے فائرنگ کرکے خودکشی کرلی

الخدمت فاؤنڈیشن متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے' عبدالمجید سربازی

کوئٹہ (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سربازی کی قیادت میں رضاکاروں اور تربیت یافتہ میڈیکل وریسکیو ٹیم نے گزشتہ دنوں سورینج، اسپن کاریز میں پیش آنے والے کان کے (بقیہ 66 صفحہ 3پر)

کینیڈا سے پاکستان کیلئے 5 براہِ راست پروازوں کی تیاری، تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

ٹورنٹو (این این آئی) کینیڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر محمد سلیم نے بتایا ہے کہ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوستانہ تعلقات مزید مستحکم ہو رہے ہیں اور کینیڈا کی وزیرِ خارجہ انیتا آنند کا حالیہ دورِ پاکستان انتہائی کامیاب رہا ہے۔ محمد سلیم نے بتایا کہ ایک کینیڈین فضائی کمپنی (بقیہ 62 صفحہ 3پر)

کوئٹہ، صوبائی مشیر کھیل مینا مجید اور سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ محکمہ کھیل حکومت بلوچستان کی جانب سے تزئین و آرائش اور اپ گریڈیشن کے بعد بلوچستان سپورٹس بورڈ کرکٹ اکیڈمی کا افتتاح کر رہے ہیں

اپ گریڈیشن کے بعد بلوچستان سپورٹس بورڈ کرکٹ اکیڈمی کا باقاعدہ افتتاح

اکیڈمی میں پہلے صرف دو کرکٹ پچز موجود تھیں جن کی تعداد بڑھا کر دس کر دی گئی ہے

کوئٹہ (خ ن) ایوب سپورٹس کمپلیکس میں محکمہ کھیل حکومتِ بلوچستان کی جانب سے تزئین و آرائش اور اپ گریڈیشن کے بعد بلوچستان سپورٹس بورڈ کرکٹ اکیڈمی کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاح صوبائی مشیرِ کھیل و امورِ نوجوانان مینا مجید بلوچ نے ربن کاٹ کر کیا، اس موقع پر سیکرٹری کھیل و امورِ نوجوانان دُرا بلوچ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ افتتاحی تقریب میں ایڈیشنل سیکرٹری کھیل سجاد اسلم، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کوئٹہ ارسلان خان، اکیڈمی کوچ بشیر مکسی، اکیڈمی (بقیہ 43 صفحہ 3پر)

عبدالرزاق نجک سے زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد کی ملاقات

سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کی غیرقانونی تعمیر، تجاوزات یا قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا' ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجک سے زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد نے صدر ملک عصمت اللہ کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع موسیٰ خیل میں کسانوں اور زمینداروں کو درپیش مسائل اور زراعت کی بہتری کے حوالے سے مختلف امور زیر بحث آئے۔ (بقیہ 44 صفحہ 3پر)

بلوچستان' مون سون بارشوں سے اب تک 10 افراد جاں بحق' 16 زخمی

سال یکم جون سے 31 جولائی تک بلوچستان میں چھتیں اور دیواریں گرنے کے 4 جبکہ بجلی گرنے کے 2 اور ایک سیلابی ریلے میں بہنے سے 10 افراد جاں بحق ہوئے

یکم جون سے اب تک 126 مال مویشی ہلاک، 526 ایکٹر زرعی اراضی اور 11 کینالز کو نقصان پہنچا ہے' پی ڈی ایم اے رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں رواں سال مون سون بارشوں کے دوران اب تک مختلف حادثات میں 10 افراد جاں بحق 16 زخمی ہوگئے۔ محکمہ پی ڈی ایم اے بلوچستان کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق رواں سال یکم جون سے 31 جولائی تک بلوچستان میں چھتیں اور دیواریں گرنے کے 4 جبکہ بجلی گرنے کے 2 اور ایک سیلابی ریلے میں بہنے سے 10 افراد جاں بحق ہوئے جن میں سے 4 کا تعلق (بقیہ 35 صفحہ 3پر)

پی پی ایچ آئی بلوچستان اپنی نگرانی اور خدمات کو مزید مؤثر بنا رہی ہے' ڈاکٹر مرشد دشتی

عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور صحت مراکز کی کارکردگی کی باقاعدہ نگرانی جاری رہے گی

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کے ہر شہری تک معیاری اور بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے پی پی ایچ آئی بلوچستان اپنی نگرانی اور خدمات کو مزید مؤثر بنا رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مرکز صحت (بی ایچ یو) کھٹی دور کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ کیا۔ (بقیہ 48 صفحہ 3پر)

بلوچستان کے تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کا معاشی قتلِ عام فوری طور پر بند کیا جائے' مولانا رفیق

امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال نے کاروباری طبقے کو شدید مالی و معاشی بحران سے دوچار کر دیا ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کے (بقیہ 69 صفحہ 3پر)

قبوشاخ میں پانی کا سنگین بحران، زمینداروں کا خشک نہر میں احتجاج

ٹیل کے آبادگار کئی ہفتوں سے پانی کی ایک ایک بوند کو ترس رہے ہیں، اریگیشن حکام کو 24 گھنٹے کا آخری الٹی میٹم

گنداخہ (نامہ نگار) کھیرتھر کینال سے نکلنے والی قبو شاخ میں زرعی پانی کی مسلسل اور شدید قلت کے باعث ٹیل کے علاقوں میں زرعی بحران شدت اختیار کر گیا ہے۔ پانی نہ پہنچنے پر زمینداروں اور کاشتکاروں نے خشک نہر کے اندر جمع ہو کر محکمہ اریگیشن کے خلاف شدید احتجاج کیا اور فوری طور پر پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔ احتجاج کی قیادت معروف زمیندار بھوتار اکبر خان جاگیرانی، وائس چیئرمین یونین کونسل نوشکی جدید میر مبارک خان ڈوکی (بقیہ 70 صفحہ 3پر)

پانی نہ پہنچنے پر زمینداروں اور کاشتکاروں نے خشک نہر کے اندر جمع ہوکر محکمہ اریگیشن کے خلاف احتجاج کیا جارہا ہے

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کوہ سر میں اسسٹنٹ کمشنر جیوانی کی زیرصدارت کھلی کچہری

منشیات فروش عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے' طارق علی

گوادر/جیوانی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور عوامی خدمت پر مبنی پالیسیوں کے مطابق ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر سب ڈویژن جیوانی میں عوامی مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کرنے کے سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی (بقیہ 65 صفحہ 3پر)

شہید کانسٹیبل محمد رفیق سیال کی نمازِ جنازہ پولیس لائن ڈیرہ مراد جمالی میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا

شہداء کی قربانیاں ہمیشہ قوم کے لیے مشعلِ راہ رہیں گی اور ان کی لازوال خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) شہید پولیس کانسٹیبل محمد رفیق سیال کی نمازِ جنازہ پولیس لائن ڈیرہ مراد جمالی میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا، ڈی آئی جی نصیرآباد ریجن، ایس ایس پیز، پولیس افسران اور عوام کی بڑی تعداد کی شرکت نمازِ جنازہ میں ڈی آئی جی نصیرآباد ریجن کامران نواز پنجوتھا، ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر، ایس ایس پی جعفرآباد محمد معروف عثمان، ایس (بقیہ 64 صفحہ 3پر)

نکاسی آب کے نظام کو فعال رکھنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے' امام بخش برہ

میونسپل کمیٹی وندر محدود وسائل میں عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) وندرندی کے حفاظتی بند کی تعمیر کے دوران سائیڈ نالے کو مکمل فعال نہ کیے جانے کے باعث مختلف گوٹھوں اور رہائشی علاقوں کا سیوریج کا گندا پانی جمع ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا جس کے پیشِ نظر میونسپل کمیٹی وندر (بقیہ 63 صفحہ 3پر)

وندرندی کے حفاظتی بند کی تعمیر کے دوران سائیڈ نالے کی مکمل صفائی کی جارہی ہے